غزوۂ ابواء، غزوۂ بواط، غزوۂ ذی عشیرہ اور
غزوۂ بدر

# غزوات کوئیز (حصہ اوّل)

مؤلف
مولانا غیاث احمد رشادی

ناشر
مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، رجسٹرڈ۔۶۷۵
واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد، انڈیا۔ فون وفیاکس:040-24551314
ویب سائٹ : www.payaamerashadi.org
ای میل :garashadi@gmail.com

**قانونی انتباہ** مصنف سے تحریری اجازت کے بعد اس کتاب کی اشاعت کی اجازت ہے


| | |
|---|---|
| نامِ کتاب | **غزوات کوئیز** (حصہ اوّل) |
| مؤلف | **مولانا غیاث احمد رشادی** |
| صفحات | ...... ۶۴ ...... |
| پہلا ایڈیشن | جولائی ۲۰۰۶ء جمادی الثانی / ۱۴۲۷ھ |
| تعداد اشاعت | ایک ہزار |
| ٹائٹل وکمپیوٹر کمپوزنگ | **محمد مجاہد خان،** رشادی کمپیوٹر سنٹر، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد۔فون:9985359583 |
| قیمت | -/Rs.15 روپے |

## ناشر

## مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، رجسٹرڈ۔ ۶۷۵

متصل مسجد الفلاح، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد، انڈیا۔فون 24551314، سیل:9849064724

ویب سائٹ:www.payaamerashadi.org

ای میل : garashadi@gmail.com

## ملنے کے پتے

- مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد-فون:24551314
- دکن ٹریڈرس، مغل پورہ، حیدرآباد.
- کمرشیل بک ڈپو، چار مینار، حیدرآباد -
- ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس، پرانی حویلی روڈ، حیدرآباد-
- ہندوستان پیپر ایمپوریم مچھلی کمان، حیدرآباد-
- فرید بک ڈپو، نئی دہلی، ممبئی، مدراس-
- رشادی بک سنٹر، مسجد باگ سوار، مجسٹک، بنگلور-
- کلاسک آٹومٹیو، 324، سی۔ایم۔ایچ۔روڈ، اندرانگر، بنگلور-
- **محمد مجاہد خان**، نزد مسجد اکبری، اکبر باغ، ملک پیٹ، حیدرآباد،فون:9985359583

# وجہ ترتیب

غزوات کوئیز حصہ اوّل آپ کے ہاتھوں میں ہے، جب سے کوئیز سلسلہ شروع کیا گیا ہے عوام و خواص نے اس کی کافی پذیرائی کی ہے، میں ان تمام قارئین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے بالمشافہ ملاقات پر، ٹیلی فون پر یا بذریعہ ڈاک......احقر کی مرتبہ مذہبی کوئیز، سیرت کوئیز، قرآن کوئیز وغیرہ کی افادیت محسوس کرتے ہوئے حوصلہ بخش کلمات کہے اور تحریر فرمائے اور ان کی حوصلہ بخشی نے میرے قلم کو متحرک کیا اور یہ غزوات کوئیز حصہ اوّل منصۂ مشہود پر آ گئی۔

غزوات کوئیز حصہ اوّل میں غزوۂ ابواء، غزوۂ بواط، غزوۂ عشیرہ اور تاریخ اسلام کا پہلا سب سے بڑا غزوہ ''غزوۂ بدر'' سے متعلق ساری تفصیلات سوال و جواب کی روشنی میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہیں۔

غزوات کوئیز حصہ دوّم بھی تیار ہو چکی ہے جس میں غزوۂ بنی سلیم، غزوۂ بنو قینقاع، غزوۂ سویق، غزوۂ غطفان، غزوۂ نجران کے علاوہ تاریخ اسلام کا دوسرا سب سے بڑا غزوہ ''غزوۂ احد'' سے متعلق ساری تفصیلات سوال و جواب کی شکل میں پیش کی گئی ہیں۔

مجھے اُمید ہے کہ قارئین اس ترتیب کو بھی پسند فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ قبولیت و افادیت سے نوازے۔ آمین۔

**غیاث احمد رشادی**

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

1 : سریہ کسے کہتے ہیں؟

ج : جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بذاتِ خود شرکت نہیں فرمائی بلکہ اپنے صحابہؓ میں سے کسی کو لشکر کا امیر بنا کر روانہ فرمایا۔

2 : سریہ کی جمع کیا ہے؟

ج : سریہ کی جمع سرایا ہے۔

3 : غزوہ کا کیا معنی ہے؟

ج : وہ باضابطہ جنگ جس میں رسول اللہ ﷺ نے خود شرکت فرمائی ہو۔

4 : غزوہ کی جمع کیا ہے؟

ج : غزوہ کی جمع غزوات ہے۔

5 : مورخین نے سریہ کی تعداد کتنی بتلائی ہے؟

ج : مورخین نے سریہ کی تعداد (۴۷) بتلائی ہے۔

6 : مورخین نے غزوات کی تعداد کتنی بتلائی ہے؟

ج : مورخین نے غزوات کی تعداد (۲۷) بتلائی ہے۔

7 : کتنے غزوات میں حضور ﷺ نے قتال فرمایا تھا؟

ج : نو غزوات میں حضور ﷺ نے قتال فرمایا تھا؟

8 : جن غزوات میں حضور ﷺ نے قتال فرمایا ان کے نام کیا ہیں؟

ج : جن غزوات میں حضور ﷺ نے قتال فرمایا ان کے نام یہ ہیں۔ غزوۂ بدر، غزوۂ احد، غزوۂ مریسیع، غزوۂ خندق، غزوۂ قریظہ، غزوۂ خیبر، غزوۂ فتح مکہ، غزوۂ حنین، غزوۂ طائف

9 : کتنے غزوات میں تلوار کا استعمال نہیں ہوا؟

ج : ۱۸؍غزوات میں تلوار کا استعمال نہیں ہوا۔

10 : کس سن ہجری میں جہاد بالسیف کا حکم نازل ہوا؟

ج : سن ۲؍ہجری ماہِ صفر میں جہاد بالسیف کا حکم نازل ہوا۔

11 : پہلی مرتبہ مسلمانوں کو ظالموں کے خلاف تلوار اٹھانے کی اجازت کس آیت کے ذریعہ دی گئی؟

ج : سورۂ حج کی آیت نمبر (۳۹) کے ذریعہ یہ حکم دیا گیا:

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا O

''اِجازت دے دی گئی ان لوگوں کو جن کے خلاف جنگ کی جارہی ہے'' اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا۔

# غزوۂ ابواء یا غزوۂ ودان

12 : تاریخ اسلام کا پہلا غزوہ کونسا ہے؟

ج : تاریخ اسلام کا پہلا غزوہ، غزوۂ ابواء یا غزوۂ ودان ہے۔

13 : غزوۂ ابواء یا غزوۂ ودان کے لئے حضور ﷺ مدینہ سے باہر کس مہینہ میں نکلے تھے؟

ج : غزوۂ ابواء یا غزوۂ ودان کے لئے حضور ﷺ مدینہ سے باہر ماہِ صفر میں نکلے تھے۔

14 : غزوۂ ابواء کے وقت حضور ﷺ نے مدینہ میں کس کو اپنا نائب مقرر فرمایا تھا؟

ج : غزوۂ ابواء کے وقت حضور ﷺ نے مدینہ میں حضرت سعد بن عبادہؓ کو اپنا نائب مقرر فرمایا تھا

15 : ابواء نامی مقام مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : ابواء نامی مقام مدینہ سے ۸۰؍میل کے فاصلہ پر ہے۔

16 : غزوۂ ابواء کا مقصد کیا تھا؟

ج : غزوۂ ابواء کا مقصد بنوحمزہ سے غیر جانبداری کا معاہدہ تھا۔

17 : ابواء کے اطراف کونسا قبیلہ آباد تھا؟

ج : ابواء کے اطراف قبیلۂ بنی حمزہ آباد تھا۔

18 : ودّان اور ابواء کے درمیان کتنے میل کا فاصلہ ہے؟

ج : وڈان اور ابواء کے درمیان چھ میل کا فاصلہ ہے۔

19 : ابواء نامی مقام پر حضور ﷺ سے متعلق کس رشتہ دار کی قبر ہے؟

ج : ابواء نامی مقام پر حضور ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہؓ کی قبر ہے۔

20 : غزوۂ ابواء کے موقع پر مدینہ سے باہر مسلمانوں نے کتنے دن قیام کیا؟

ج : غزوۂ ابواء کے موقع پر مدینہ سے باہر مسلمانوں نے پندرہ دن قیام کیا۔

## غزوۂ بواط

21 : بواط نامی مقام مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : بواط نامی مقام مدینہ سے ۴۸ر میل کے فاصلہ پر ہے۔

22 : غزوۂ بواط کس سن میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ بواط ربیع الاول ۲رسن ہجری میں پیش آیا۔

23 : غزوۂ بواط میں حضور ﷺ کتنے مہاجرین کے ساتھ مدینہ سے باہر تشریف لے گئے؟

ج : غزوۂ بواط میں حضور ﷺ ۲۰۰ رمہاجرین کے ساتھ مدینہ سے باہر تشریف لے گئے۔

24 : غزوۂ بواط میں کون علمبردار تھے؟

ج : غزوۂ بواط میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ علمبردار تھے۔

25 : غزوۂ بواط کا مقصد کیا تھا؟

ج : غزوۂ بواط کا مقصد قریش کے ایک تجارتی قافلہ کی مزاحمت کرنا تھا۔

## غزوۂ ذی عشیرہ

26 : غزوۂ ذی عشیرہ کس سن میں پیش آیا؟

ج : غزوۂ ذی عشیرہ جمادی الآخر سن ۲رہجری میں پیش آیا۔

27 : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت حضور ﷺ نے مدینہ میں اپنا نائب کس کو مقرر فرمایا تھا؟

ج : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت حضور ﷺ نے حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومیؓ کو مدینہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا تھا۔

28 : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ کتنے مہاجرین تھے؟

ج : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ دوسو مہاجرین تھے۔

29 : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت مسلمانوں کے اونٹوں کی تعداد کیا تھا؟

ج : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت مسلمانوں کے اونٹوں کی تعداد تیس (۳۰) تھی۔

30 : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت فوجی جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت فوجی جھنڈا حضرت حمزہؓ کے ہاتھ میں تھا۔

31 : عشیرہ نامی مقام مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : عشیرہ نامی مقام مدینہ سے نوے میل کے فاصلہ پر ہے۔

32 : عشیرہ نامی مقام کس قبیلہ کا موضع ہے؟

ج : عشیرہ نامی مقام بنی مدلج کا موضع ہے۔

33 : غزوۂ ذی عشیرہ کا مقصد کیا تھا؟

ج : اس غزوہ کا مقصد ابوسفیان کے تجارتی قافلہ کو روک کر قریش کو مرعوب کرنا تھا۔

34 : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت مسلمانوں نے اس علاقہ میں کتنے دن قیام فرمایا تھا؟

ج : غزوۂ ذی عشیرہ کے وقت مسلمانوں نے تقریباً ایک مہینہ قیام فرمایا تھا۔

35 : غزوۂ ذی عشیرہ کے بعد مکہ کے کس رئیس نے مدینہ کی چراگاہ سے اونٹ اور بکریاں چرا لے گیا تھا؟

ج : غزوۂ ذی عشیرہ کے بعد مکہ کے رئیس کرز بن جابر فہری نے مدینہ کی چراگاہ سے اونٹ اور بکریاں چرا لیا تھا۔

# غزوۂ بدر

36 : کرز بن جابر فہری نے مدینہ کی چراگاہ کے جس نگران کو قتل کیا تھا ان کا نام کیا تھا؟

ج : کرز بن جاہر فہری نے مدینہ کی چراگاہ کے جس نگران کو قتل کیا تھا ان کا نام حضرت زرؓ تھا

37 : کرز بن جابر فہری اپنے جانور کہاں چراتا تھا؟

ج : کرز بن جابر فہری اپنے جانور الجماء نامی ایک پہاڑ پر چراتا تھا۔

38 : الجماء نامی پہاڑ مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : الجماء نامی پہاڑ مدینہ سے تین میل کے فاصلہ پر ہے۔

39 : کرز بن جابر جب مسلمانوں کے جانور مدینہ کی چراگاہ سے لے چلا تو حضور ﷺ نے کیا کیا تھا

ج : حضور ﷺ نے دوسوافراد کے ساتھ کرز بن جابر کا پیچھا کیا تھا۔

40 : کرز بن جابر کے تعاقب کے لئے جب حضور ﷺ مدینہ سے نکلے تو کس کو اپنا نائب بنایا تھا؟

ج : اس وقت حضور ﷺ نے حضرت زید بن حارثہؓ کو اپنا نائب بنایا تھا۔

41 : حضور ﷺ نے کرز بن جابر الفہر ی کا پیچھا کہاں تک کیا تھا؟

ج : حضور ﷺ نے سفوان کی وادی میں بدر کے قریب تک کرز بن جابر الفہر ی کا پیچھا کیا تھا

42 : جنگِ بدر سے پہلے اتفاقی طور پر مسلمانوں کے ہاتھوں نخلہ میں کس کا قتل ہوا تھا؟

ج : جنگِ بدر سے پہلے اتفاقی طور پر مسلمانوں کے ہاتھوں نخلہ میں عمرو بن حضرمی کا قتل ہوا تھا

43 : عمرو بن حضرمی کے مسلمانوں کے ہاتھوں اتفاقی قتل ہو جانے پر حضور ﷺ نے کیا منظور کر لیا تھا

ج : حضور ﷺ نے اس قتل پر مقتول کا خون بہا دینا منظور کر لیا تھا۔

44 : قریش نے جنگ بدر کی تیاری کے لئے کس قسم کی تیاری کی تھی؟

ج : قریش نے جنگ کے مصارف کے لئے ایک بہت بڑا کاروانِ تجارت ملک شام روانہ کیا تھا

45 : ملک شام سے قریش کا یہ کاروان کس قدر مالیت کے ساتھ لوٹ رہا تھا؟

ج : پچاس ہزار سرخ دینار کی مالیت کا تجارتی سامان لے کر قریش کا یہ کاروان لوٹ رہا تھا۔

46 : جنگ بدر سے پہلے اس تجارتی قافلہ میں جو ملک شام گیا تھا قریش کے کتنے آدمی موجود تھے؟

ج : اس تجارتی قافلہ میں قریش کے سو آدمی موجود تھے۔

47 : جنگ بدر سے پہلے اس تجارتی قافلہ میں جو ملک شام گیا ہوا تھا کتنے اونٹ تھے؟

ج : اس تجارتی قافلہ میں دو ہزار پانچ سو اونٹ تھے۔

48 : قریش کے اس تجارتی قافلہ کے بارے میں تفصیلات فراہم کرنے کے لئے حضور ﷺ نے کن دو صحابۂ کرام رضی اللہ عنھما کو روانہ فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے اس تجارتی قافلہ کے بارے میں تفصیلات فراہم کرنے کے لئے حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ اور حضرت سعید بن زیدؓ کو روانہ فرمایا۔

49 : حضرت طلحہ اور حضرت سعید بن زیدؓ کو کس مقام پر پہنچ کر یہ معلوم ہوا کہ قریش کا یہ تجارتی قافلہ سمندر کے کنارے کنارے تیزی سے نکل رہا ہے؟

ج : ان دونوں صحابۂ کرامؓ کو ذوالمروہ پہنچ کر پتہ چلا کہ قریش کا یہ کاروان تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

50 : جنگ بدر سے پہلے قریش کا جو تجارتی قافلہ ملک شام سے لوٹ رہا تھا اس کے سردار کون تھے؟

ج : جنگ بدر سے پہلے قریش کا جو تجارتی قافلہ ملک شام سے لوٹ رہا تھا اس کے سردار ابوسفیان تھے۔

51 : بدر کی طرف روانگی سے پہلے حضور ﷺ نے کس کو مسجد نبوی کا امام مقرر فرمایا تھا؟

ج : بدر کی طرف روانگی سے پہلے حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن اُم مکتومؓ کو مسجد نبوی کا امام مقرر فرمایا تھا۔

52 : جنگ بدر کے لئے مسلمانوں کا لشکر کس تاریخ کو مدینہ سے نکلا تھا؟

ج : جنگ بدر کے لئے مسلمانوں کا لشکر ماہِ رمضان المبارک کی بارہ تاریخ، ۲؍سن ہجری کو مدینہ سے نکلا تھا۔

53 : جنگ بدر کے لئے مسلمانوں کا لشکر جس وقت مدینہ سے نکلا اس وقت شمسی تاریخ کیا تھی

ج : جنگ بدر کے لئے مسلمانوں کا لشکر جس وقت مدینہ سے نکلا اس وقت ۸/مارچ، ۶۲۴ سن عیسوی تھی

54 : جنگ بدر کے لئے مسلمانوں کا لشکر کس دن مدینہ سے نکلا تھا؟

ج : جنگ بدر کے لئے مسلمانوں کا لشکر ہفتہ کے دن مدینہ سے نکلا تھا۔

55 : جنگ بدر میں مہاجرین کا جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین کا جھنڈا حضرت علیؓ کے ہاتھ میں تھا۔

56 : جنگ بدر میں حضرت علیؓ کے ہاتھ میں جو جھنڈا تھا اس کا نام کیا تھا؟

ج : اس جھنڈے کا نام عقاب تھا۔

57 : جنگ بدر میں انصار کا جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ بدر میں انصار کا جھنڈا حضرت سعد بن معاذؓ کے ہاتھ میں تھا۔

58 : جنگ بدر میں مجاہدین کا معائنہ کس مقام پر ہوا تھا؟

ج : جنگ بدر میں مجاہدین کا معائنہ بئر ابی عنبہ کے پاس ہوا تھا۔

59 : جنگ بدر میں جن کم عمر مجاہدین کو لوٹا دیا گیا ان کے نام بتلایئے؟

ج : جنگ بدر میں جن کم عمر مجاہدین کو لوٹا دیا گیا ان کے نام یہ ہیں: حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت براء بن عازبؓ، حضرت رافع بن خدیجؓ، حضرت اسامہ بن زیدؓ، حضرت زید بن ارقمؓ، حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت جابر بن عبداللہؓ

60 : وہ کونسے کم سن صحابی ہیں جو جنگ بدر میں شریک ہونے سے کم عمر ہونے کی وجہ سے لوٹا دیئے گئے تو رونے لگے؟

ج : وہ حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ ہیں جن کو واپس ہونے کا حکم دیا گیا تو وہ رونے لگے۔

61 : حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ جب رونے لگے تو حضور ﷺ نے ان کے بارے میں کیا فیصلہ فرمایا تھا

ج : حضورﷺ نے ان کو جنگ بدر میں ساتھ چلنے کی اجازت دے دی تھی۔

62 : جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے اونٹ تھے؟

ج : جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس ستر اونٹ تھے۔

63 : جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے گھوڑے تھے؟

ج : جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس دو گھوڑے تھے۔

64 : جنگ بدر میں جو دو گھوڑے تھے وہ کن صحابۂ کرام کے پاس تھے؟

ج : ایک گھوڑا حضرت زبیر بن العوامؓ کے پاس اور دوسرا گھوڑا حضرت مقداد بن اسودؓ کے پاس تھا۔

65 : حضرت زبیر بن عوامؓ کے گھوڑے کا نام کیا تھا؟

ج : حضرت زبیر بن عوامؓ کے گھوڑے کا نام ''سیل'' تھا۔

66 : حضرت مقداد بن اسودؓ کے گھوڑے کا نام کیا تھا؟

ج : حضرت مقداد بن اسودؓ کے گھوڑے کا نام ''سبحہ'' تھا۔

67 : جنگ بدر کے ستر اونٹوں کی ترتیب کیا تھی؟

ج : ہر تین آدمی کے لئے ایک ایک اونٹ مقرر ہوا تھا۔

68 : جنگ بدر میں ہر مجاہد نے کتنا حصہ چل کر طے کیا؟

ج : جنگ بدر میں ہر مجاہد نے تین چوتھائی حصہ چل کر طے کیا۔

69 : جنگ بدر میں حضورﷺ کی اونٹ کے ساتھ جو صحابہ تھے ان کے نام کیا ہیں؟

ج : حضورﷺ کے ساتھ شریک مرکب حضرت علیؓ، حضرت ابولبابہ اور حضرت زید بن حارثہؓ ہیں۔

70 : بدری صحابہؓ کی حالت دیکھ کر حضورﷺ نے کیا دعاء فرمائی تھی؟

ج : حضورﷺ نے یہ دعاء فرمائی تھی کہ، اے اللہ! یہ پیدل ہیں انہیں سوار کر، یہ بھوکے ہیں ان کا پیٹ بھر دے ان کے تن پر کپڑے نہیں ہیں ان کو کپڑے دے، یہ غریب ہیں انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے۔

71 : وہ کونسے صحابی ہیں جو اپنے بیٹے کے ساتھ اس وقت مکہ پہنچے جس وقت قریش کا قافلہ بدر کی جانب روانہ ہونے والا تھا؟

ج : وہ حضرت یمانؓ ہیں جو اپنے بیٹے حضرت حذیفہؓ کے ساتھ کعبہ کی زیارت کے لئے مکہ مکرمہ پہنچے تھے۔

72 : حضرت یمانؓ اور ان کے بیٹے حضرت حذیفہؓ کو قریش نے کیوں گرفتار کر لیا تھا؟

ج : قریش نے ان دونوں کو یہ کہہ کر گرفتار کر لیا کہ تم دونوں جاسوسی کے لئے آئے ہوئے ہو

73 : حضرت یمانؓ اور حضرت حذیفہؓ کو قریش نے کس شرط پر چھوڑ دیا؟

ج : حضرت یمانؓ اور حضرت حذیفہؓ کو قریش نے اس شرط پر چھوڑا کہ کل کے دن اگر مسلمانوں سے مقابلہ ہوا تو وہ لڑنے کے لئے نہیں آئیں گے۔

74 : جب حضرت یمانؓ اور حضرت حذیفہؓ نے قریش سے بچتے ہوئے حضور ﷺ سے میدانِ بدر میں ملاقات کی اور جنگ میں شرکت کی اجازت چاہی تو حضور ﷺ نے ان سے کیا فرمایا تھا

ج : حضور ﷺ نے ان دونوں سے فرمایا کہ تم اپنے گھر جاؤ اور عہد کی پابندی کرو، رہی فتح تو وہ ہم اپنے رب سے مانگیں گے جو اس پر قادر ہے۔

75 : بدر کی طرف روانہ ہونے کے بعد حضور ﷺ اور بدری صحابہؓ کا کن کن مقامات سے گزر ہوا

ج : بدر کی طرف روانہ ہونے کے بعد حضور ﷺ اور بدری صحابہؓ کا ان مقامات پر سے گزر ہوا

**وادیٔ عقیق ، ذوالحلیفه ، لات الجیش ، تربان ، ملل، عمیس الحمام، صخیرات الیمامه ، سیاله فج الروحا ، شوکه ، عرق الظبیه ، سجیح، منصرف، الغازیه ، وادی رحقان ، صفراء**

76 : مدینہ سے نکل کر مختلف منزلیں طے کرنے کے بعد حضور ﷺ اور صحابۂ کرامؓ نے کس مقام پر قیام فرمایا تھا؟

ج : حضور ﷺ اور صحابۂ کرام نے وادیٔ زفران میں قیام فرمایا تھا۔

77 : جنگِ بدر کے موقع پر حضور ﷺ نے مقام روحاء سے کس کو اپنا نائب بنا کر مدینہ واپس فرمایا؟

ج : جنگ بدر کے موقع پر حضور ﷺ نے مقام روحاء سے حضرت ابولبابہ کو اپنا نائب بنا کر مدینہ واپس فرمایا۔

78 : مدینہ کی بالائی آبادی (عالیہ) پر حضور ﷺ نے کس کو عامل مقرر فرمایا؟

ج : مدینہ کی بالائی آبادی (عالیہ) پر حضور ﷺ نے حضرت عاصم بن عدیؓ کو عامل مقرر فرمایا۔

79 : قریش کے تجارتی قافلہ کے سردار ابوسفیان نے کس کو مسلمانوں کے مدینہ سے نکلنے کی اطلاع اہل مکہ کو دینے کے لئے روانہ کیا؟

ج : ابوسفیان نے ضمضم بن عمرو غفاری کو اس اطلاع کے لئے مکہ روانہ کیا۔

80 : ضمضم بن عمرو غفاری کے مکہ پہنچنے سے تین دن پہلے کس نے ایک وحشت ناک خواب دیکھا تھا؟

ج : ضمضم بن عمرو غفاری کے مکہ پہنچنے سے تین دن پہلے عاتکہ بنت عبدالمطلب نے ایک وحشت ناک خواب دیکھا تھا۔

81 : عاتکہ بنت عبدالمطلب نے اپنا وحشت ناک خواب کس کو سنایا تھا؟

ج : عاتکہ بنت عبدالمطلب نے اپنا وحشت ناک خواب اپنے بھائی عباس بن عبدالمطلب کو سنایا تھا۔

82 : عاتکہ بنت عبدالمطلب کے خواب کے تیسرے دن کیا واقعہ پیش آیا؟

ج : عاتکہ بنت عبدالمطلب کے خواب کے تیسرے دن ضمضم بن عمرو غفاری کی آواز مکہ میں گونج رہی تھی۔

83 : ضمضم بن عمرو غفاری نے اہل مکہ کو اہل مدینہ کے بارے میں اطلاع دینے کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا تھا؟

ج : ضمضم بن عمرو غفاری نے اپنے اونٹ کے کان کاٹ دیئے تھے، ناک چیر دی تھی اور کجاوا الٹ دیا تھا، کرتا پھاڑ لیا تھا اور چیخ چیخ کر سارا شہر سر پر اٹھا لیا تھا اور کہہ رہا تھا کہ اے قبیلہ قریش اپنے قافلہ کی خبر لو مسلمان تمہارے سامان والے اونٹوں کی گھات میں لگے ہوئے ہیں، اپنا مال واسباب بچالو

84 : قریش کا وہ سردار کون تھا جو بیمار ہونے کی وجہ سے مکہ سے بدر کی طرف روانہ نہیں ہوا؟

ج : قریش کا وہ سردار ابولہب تھا جس نے بیماری کی وجہ سے شرکت نہیں کی تھی۔

85 : قریش کا وہ سردار کون تھا جو بوڑھا ہونے اور بھاری بھرکم ڈیل ڈول ہونے کے بہانے بدر کی جنگ میں شرکت سے کترا رہا تھا؟

ج : وہ امیہ بن خلف تھا جو جنگ میں شرکت سے کترا رہا تھا۔

86 : امیہ بن خلف جنگ بدر میں شرکت سے کیوں کترا رہا تھا؟

ج : امیہ بن خلف کے دل میں حضرت سعد بن معاذ کا وہ جملہ کھٹک رہا تھا کہ مسلمان تجھے قتل کر دیں گے۔

87 : امیہ بن خلف جب جنگِ بدر میں شرکت سے کترا رہا تھا کن دو سرداروں نے اس کو کس طرح عار دلایا تھا؟

ج : عقبہ بن ابی معیط ایک انگیٹھی اور عود لے کر آیا اور کہا عورتوں کی طرح دھونی لے اور ابوجہل سرمہ دانی لے آیا اور کہا عورتوں کی طرح سنگھار کر۔

88 : جنگِ بدر میں قریش کے جو بڑے بڑے سردار شریک ہوئے ان کے نام بتلایئے؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کے جو بڑے بڑے سردار شریک ہوئے ان کے نام یہ ہیں۔

عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، سہیل بن عمرو، نوفل بن خویلد، عمرو بن عبدود، جبیر بن مطعم، طیعمہ بن عدی، حکیم بن حزام، زمعہ بن الاسود، عمرو بن وہب، حارث بن عامر، امیہ بن خلف، علی بن امیہ، عامر بن منبہ وغیرہ

89 : قریش کا وہ کونسا سردار تھا جو حضور ﷺ سے لڑائی کرنا پسند نہیں کرتا تھا لیکن قریش کا ساتھ دینے پر مجبور تھا؟

ج : وہ ابوالبختری بن ہشام تھا جو حضور ﷺ سے لڑائی پسند نہیں کرتا تھا لیکن قریش کا ساتھ دینے پر مجبور تھا۔

90 : جنگ بدر میں مسلمان اہل مدینہ کے خلاف مکہ سے کتنے ہزار کا لشکر تیار ہوا تھا؟

ج : جنگ بدر میں مسلمان اہل مدینہ کے خلاف مکہ سے ایک ہزار کا لشکر تیار ہوا تھا۔

91 : مکہ سے میدانِ بدر کی طرف قریش کا لشکر کس کی قیادت میں نکلا تھا؟

ج : مکہ سے میدانِ بدر کی طرف قریش کا لشکر ابوجہل کی قیادت میں نکلا تھا۔

92 : قریش نے مکہ سے لشکر کی روانگی کی اطلاع ابوسفیان کو دینے کے لئے کس کو روانہ کیا تھا؟

ج : قریش نے مکہ سے لشکر کی روانگی کی اطلاع ابوسفیان کو دینے کے لئے فرات بن الحیان العجلی کو روانہ کیا تھا۔

93 : فرات بن الحیان العجلی کی ابوسفیان کے تجارتی قافلہ سے ملاقات کیوں نہیں ہوئی؟

ج : اس لئے کہ فرات بن الحیان العجلی شام جانے والی شاہراہ پر سفر کرنے لگا، جبکہ ابوسفیان اپنا تجارتی قافلہ راستہ بدل کر سمندری ساحل پر سے آرہا تھا۔

94 : وہ کون شخص ہے جس نے قریش کو جنگ بدر کے لئے پانچ سو دینار عطیہ دیا تھا؟

ج : وہ حویطب بن عبدالعزیٰ ہے جس نے قریش کو جنگ بدر کے لئے پانچ سو دینار عطیہ دیا تھا

95 : مکہ کا وہ کونسا قبیلہ ہے جس کا کوئی ایک شخص بھی قریش کے ساتھ بدر کے میدان کی طرف نہیں نکلا

ج : وہ قبیلہ بنی عدی ہے جس کا کوئی شخص بھی قریش کے ساتھ بدر کے میدان کی طرف نہیں نکلا

96 : جنگِ بدر میں قریش کے لشکر میں کتنے زرہ پوش جنگجو تھے؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کے لشکر میں چھ سو زرہ پوش جنگجو تھے۔

97 : جنگِ بدر میں قریش کے لشکر میں کتنے شتر سوار تھے؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کے لشکر میں ایک سو شتر سوار تھے۔

98 : جنگِ بدر میں قریش کے لشکر میں پورے ہتھیاروں سے لیس کتنے جنگجو تھے؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کے لشکر میں پانچ سو ہتھیاروں سے لیس جنگجو تھے۔

99 : جنگِ بدر میں قریش کے سردار کس قسم کے اونٹوں پر سوار تھے؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کے سردار سرخ اونٹوں پر سوار تھے۔

100 : جنگِ بدر میں قریش کی فوج کا سپہ سالار اعظم کون مقرر ہوا؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کی فوج کا سپہ سالار اعظم عتبہ بن ربیعہ مقرر ہوا۔

101 : قریش نے اپنی فوج میں دل بڑھانے اور دادِ عیش کے لئے کس کو اپنے ساتھ رکھا تھا؟

ج : قریش نے اپنی فوج میں دل بڑھانے اور دادِ عیش کے لئے گانے والی عورتوں کو اپنے ساتھ رکھا تھا۔

102 : جب قریش کو مکہ سے اپنی غیر حاضری پر اپنے پرانے دشمن بنی بکر کے مکہ پر حملہ آور ہونے کا خوف ہوا تو ابلیس نے کس کی شکل میں آ کر تسلی دی؟

ج : اس وقت ابلیس نے بنی کنانہ کے سردار سراقہ بن جعشم کی شکل میں آ کر تسلی دی کہ ایسی کوئی حرکت نہیں ہوگی۔

103 : بدر کی طرف مکہ سے سفر کے دوران فوج کی خوراک اور اخراجات کی ذمہ داری کن نو سرداروں کے سپرد تھی؟

ج : مکہ سے بدر کی طرف سفر کے دوران جن نو سرداروں کے ذمہ خوراک کی ذمہ داری تھی ان کے نام یہ ہیں؟

(۱) ابوجہل (۲) امیہ بن خلف (۳) سہیل بن عمرو (۴) شیبہ بن ربیعہ

(۵) عتبہ بن ربیعہ (۶) اور (۷) حجاج کے فرزندان نبیہ اور منبہ

(۸) عباس بن عبدالمطلب (۹) ابوالبختری بن ہشام

104 : ابوجہل نے مکہ سے نکلتے ہوئے قریش کی فوج کے لئے کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : ابوجہل نے مکہ سے نکلتے ہوئے دس اونٹ ذبح کئے۔

105 : امیہ بن خلف نے کس مقام پر کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : امیہ بن خلف نے عسفان کے مقام پر نو اونٹ ذبح کئے۔

106 : سہیل بن عمرو نے کس مقام پر کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : سہیل بن عمرو نے قدید نامی مقام پر دس اونٹ ذبح کئے۔

107 : شیبہ بن ربیعہ نے کس مقام پر کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : شیبہ بن ربیعہ نے ساحل سمندر پر نو اونٹ ذبح کئے۔

108 : عتبہ بن ربیعہ نے کس مقام پر کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : عتبہ بن ربیعہ نے حجفہ نامی مقام پر دس اونٹ ذبح کئے۔

109 : حجاج کے دونوں بیٹوں نے کس مقام پر کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : حجاج کے دونوں بیٹوں نے مقام ابواء پر دس اونٹ ذبح کئے۔

110 : عباس بن عبدالمطلب نے بدر کے میدان میں کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : عباس بن عبدالمطلب نے بدر کے میدان میں دس اونٹ ذبح کئے۔

111 : ابوالبختری بن ہشام نے بدر کے میدان میں کتنے اونٹ ذبح کئے؟

ج : ابوالبختری بن ہشام نے بدر کے میدان میں دس اونٹ ذبح کئے۔

112 : مکہ سے میدانِ بدر کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : مکہ سے میدانِ بدر دوسو میل کے فاصلہ پر ہے۔

113 : قریش کے لشکر نے مکہ سے بدر تک کا فاصلہ کتنے دن میں طے کیا؟

ج : قریش کے لشکر نے مکہ سے بدر تک کا فاصلہ دس دن میں طے کیا۔

114 : قریش کا لشکر مکہ سے کس تاریخ کو روانہ ہوا؟

ج : قریش کا لشکر مکہ سے ۶ / رمضان، ۲ / سن ہجری کو روانہ ہوا۔

115 : قریش کا لشکر بدر کے میدان میں کب پہنچا؟

ج : قریش کا لشکر بدر کے میدان میں ماہِ رمضان کی ۱۶ / تاریخ کو پہنچا۔

116 : قریش کے مکہ سے نکلنے کے انداز کو قرآن مجید کی کس سورت میں بتلایا گیا ہے؟

ج : سورۃ انفال کی آیت (۴۷) میں یوں بتلایا گیا ہے۔

**ولا تکونوا کالذین خرجوا من دیارھم بطرا ورئاء الناس ویصدون عن سبیل اللّٰہ o**

اوران لوگوں کے سے رنگ ڈھنگ اختیار نہ کرو جواپنے گھروں سے اتراتے اور لوگوں کو اپنی شان دکھاتے ہوئے نکلے اور جن کی روش یہ ہے کہ وہ اللہ کے راستے سے روکتے ہیں

117 : مسلمانوں کے لشکر کو اس بات کی کہاں اطلاع ملی کہ قریش کا لشکر مکہ سے نکل چکا ہے؟

ج : مسلمانوں کے لشکر کو یہ اطلاع اس وقت ملی جبکہ وہ ذفران نامی مقام پر تھے۔

118 : جنگِ بدر کے موقع پر حضور ﷺ سے یہ جملہ کس نے کہا تھا کہ ہم بنی اسرائیل کی طرح یہ نہ کہیں گے کہ اے موسیٰ! تم اور تمہارا رب جا کر لڑو ہم تو یہیں بیٹھے رہیں گے۔

ج : یہ جملہ حضرت مقداء بن اسودؓ نے کہا تھا۔

119 : میدانِ بدر کی طرف کوچ کرنے سے پہلے مسلمانوں کے لشکر کی نقل وحمل کو پوشیدہ رکھنے کے لئے کیا تدبیر کی گئی؟

ج : اونٹوں کی گھنٹیاں اتاردی گئیں تا کہ حمل ونقل پوشیدہ رہے۔

120 : ابولبرہ مقام پر کس نے حضور ﷺ سے یہ پیشکش کی کہ میں آپ کی طرف سے لڑنا چاہتا ہوں؟

ج : ابولبرہ نامی مقام پر ایک مشرک نے یہ پیشکش کی مگر آپ ﷺ نے اسے واپس چلے جانے کا حکم دیا۔

121 : میدانِ بدر میں حضور ﷺ نے دشمن کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے کن تین صحابۂ کرامؓ کو روانہ فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے اس وقت حضرت زبیرؓ، حضرت علیؓ اور حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو دشمن کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے روانہ فرمایا۔

122 : جب ابوسفیان کا تجارتی قافلہ مسلمانوں سے بچ کر مکہ چلا گیا اور مکہ کے لوگوں نے لشکر قریش کو جب واپسی کی تجویز پیش کی تو کس نے واپسی کی تجویز کو رد کردیا؟

ج : ابوجہل نے یہ کہہ کر واپسی کی تجویز رد کردی کہ لات وھبل کی قسم ہم بدر تک جائیں گے

123 : میدانِ بدر کی شکل بیان فرمائیے؟

ج : بدر مدینہ سے تقریباً ۸۰؍میل دور یمن اور شام کی تجارتی شاہراہ پر ایک بیضوی شکل کا میدان ہے جو چاروں طرف سے ٹیلوں اور پہاڑوں سے گھرا ہوا ہے۔

124 : میدانِ بدر کس وادی میں واقع ہے؟

ج : میدانِ بدر وادی یلیل (Yalyal) میں واقع ہے۔

125 : میدانِ بدر کے شمالی ٹیلے کا نام کیا ہے؟

ج : میدانِ بدر کے شمالی ٹیلے کا نام **العدوۃ الدنیا یا عدوۃ الشامیہ** ہے۔

126 : میدانِ بدر کے جنوبی ٹیلے کا نام کیا ہے؟

ج : میدانِ بدر کے جنوبی ٹیلے کا نام **العدوۃ القصویٰ یا العدوۃ الیمانیہ** ہے۔

127 : میدانِ بدر کی لمبائی کتنی ہے؟

ج : میدانِ بدر کی لمبائی ساڑھے پانچ میل ہے۔

128 : میدانِ بدر کی چوڑائی کتنی ہے؟

ج : میدانِ بدر کی چوڑائی بھی تقریباً ساڑھے پانچ میل ہے۔

129 : میدانِ بدر پر پرانے زمانہ میں جو میلہ لگتا تھا وہ کس مہینہ میں لگتا تھا؟

ج : یہ میلہ یکم ذی قعدہ سے آٹھ ذی قعدہ تک لگتا تھا۔

130 : میدانِ بدر میں ہر سال میلہ لگنے کی وجہ کیا تھی؟

ج : وجہ یہ تھی کہ یہاں ایک بہت بڑا بت خانہ تھا۔

131 : میدان بدر سے پہلے سڑک پر ایک عجب شکل کی چٹان ہے بتلائیے کہ وہ کس جانور کے مشابہ ہے؟

ج : یہ چٹان بیٹھے ہوئے اونٹ کے مشابہ ہے۔

132 : میدانِ بدر کے قریب موجودہ اونٹ کے مشابہ چٹان کے پاس پچھلے زمانہ میں کس قبیلہ کے لوگ آباد تھے؟

ج : یہاں پر بنوحمزہ آباد تھے۔

133 : میدانِ بدر کس کی طرف منسوب ہے؟

ج : میدانِ بدر حقیقت میں بدر بن مخلد بن نضر بن کنانہ کی طرف منسوب ہے۔

134 : جنگِ بدر میں قریش کا لشکر کہاں خیمہ زن تھا؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کا لشکر عقنقل کی پہاڑی کے پیچھے خیمہ زن تھا۔

135 : جنگِ بدر میں مسلمانوں کا لشکر کہاں خیمہ زن تھا؟

ج : جنگِ بدر میں مسلمان کا لشکر عدوۃ الدنیا میں خیمہ زن تھا۔

136 : جنگِ بدر میں قریش کا لشکر جہاں خیمہ زن تھا اس جگہ کی مٹی کیسی تھی؟

ج : جنگِ بدر میں قریش کا لشکر جہاں خیمہ زن تھا وہاں کی مٹی ملی ہوئی نرم زمین تھی۔

137 : جنگِ بدر میں مسلمانوں کا لشکر جہاں خیمہ زن تھا وہاں کی مٹی کیسی تھی؟

ج : جنگِ بدر میں مسلمانوں کا لشکر جہاں خیمہ زن تھا وہاں کی زمین بلند مگر ریتیلی تھی۔

138 : میدانِ بدر میں مسلمان اور قریش کس چشمہ پر قبضہ کرنا چاہتے تھے؟

ج : میدانِ بدر میں مسلمان اور قریش میٹھے پانی کے چشمہ پر قبضہ کرنا چاہتے تھے۔

139 : میٹھے پانی کے چشمے کے قریب خیمہ زن ہونے کا مشورہ کس صحابی نے حضور ﷺ کو دیا تھا؟

ج : حضرت خباب بن منذرؓ نے یہ مشورہ دیا تھا۔

140 : حضرت خباب بن منذرؓ کو اس جنگ بدر میں میٹھے پانی کے چشمے کے قریب خیمہ زن ہونے کی رائے کی وجہ سے کیا لقب دیا گیا؟

ج : حضرت خباب بن منذرؓ کو اس رائے کی وجہ سے صاحب الرائے کا لقب دیا گیا۔

141 : جنگِ بدر کے موقع پر بدر کے میدان میں مسلمان پہلے پہنچے یا قریش؟

ج : حضرت انسؓ کی روایت کے مطابق مسلمان میدانِ بدر میں مشرکین سے پہلے پہنچ گئے تھے

142 : حضور ﷺ نے جن تین صحابۂ کرام کو سراغ رسانی کے لئے بھیجا تھا انہوں نے کس کو گرفتار کیا؟

ج : یہ تینوں صحابۂ کرامؓ قریش کے دو اونٹ اور تین پانی پلانے والوں کو گرفتار کر کے لے آئے

143 : قریش کے ان تین پانی پلانے والوں کے نام کیا ہیں جن کو حضور ﷺ کے سراغ رساں صحابۂ کرامؓ گرفتار کر کے لے آئے تھے؟

ج : ان تینوں کے نام یہ ہیں، اسلم (غلام منبہ) یسار (غلام عبید بن سعید) ابو رافع (غلام امیہ)

144 : قریش کو اس بات کی اطلاع کس نے دی کہ مسلمان بدر کے میدان میں آ چکے ہیں؟

ج : قریش کو اس بات کی اطلاع عجیر نامی شخص نے دی۔

145 : اللہ تعالیٰ نے کس آیت میں جنگِ بدر میں مسلمانوں کی بے سرو سامانی کے باوجود مدد و نصرت کی بات بتلائی ہے؟

ج : اللہ تعالیٰ نے سورۂ آل عمران کی آیت نمبر ۱۲۲ میں یہ بات بتلائی ہے۔

''ولقد نصرکم اللّٰہ ببدر وانتم اذلۃ (اور اللہ نے تمہاری مدد کی بدر میں جب کہ تم بے سرو سامان تھے'')

146 : بدر کی یہ لڑائی مدینہ کے بجائے بدر میں ہونے میں حکمت کیا تھی؟

ج : اگر یہ لڑائی مدینہ میں ہوتی تو یہودیوں اور منافقوں کے فریب کا اندیشہ تھا۔

147 : حضور ﷺ نے گرفتار شدہ پانی پلانے والوں سے جب یہ پوچھا کہ قریش کے لشکر میں کتنے آدمی ہیں تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج : انہوں نے کہا کہ بہت ہیں ہمیں تعداد معلوم نہیں ہے۔

148 : جنگ بدر میں حضور ﷺ نے پانی پلانے والوں سے کس تدبیر کے ذریعہ قریش کی تعداد معلوم کی؟

ج : حضور ﷺ نے ان پانی پلانے والوں سے پوچھا کہ لشکر میں روزانہ کتنے اونٹ ذبح کئے جاتے ہیں

149 : پانی پلانے والوں نے حضور ﷺ کے اس سوال کا کیا جواب دیا کہ روزانہ کتنے اونٹ ذبح

ہوتے ہیں

ج : پانی پلانے والوں نے کہا کہ روزانہ نو یا دس اونٹ ذبح کئے جاتے ہیں۔

150 : حضور ﷺ نے ذبح ہونے والے اونٹوں کی تعداد سے کیا اندازہ لگایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ قریش کے لشکر کی تعداد نوسو سے ایک ہزار تک ہے۔

151 : جنگِ بدر میں حضور ﷺ کے لئے جھونپڑی تیار کرنے کی اجازت کس نے لی تھی؟

ج : حضرت سعد بن معاذ ؓ نے یہ اجازت لی تھی۔

152 : جنگ بدر میں حضور ﷺ کے لئے عریش (جھونپڑی) کس جگہ تیار کرنے کی پیشکش کی گئی؟

ج : جنگ بدر میں حضور ﷺ کے لئے عریش (جھونپڑی) ایک اونچے مقام پر تیار کرنے کی پیشکش کی گئی۔

153 : جنگ بدر میں حضور ﷺ کے لئے عریش (جھونپڑی) اونچے مقام پر تیار کرنے میں کیا حکمت تھی

ج : تا کہ حضور ﷺ اس جگہ سے میدانِ جنگ کو دیکھ سکیں اور تیروں سے محفوظ رہ سکیں۔

154 : حضور ﷺ کے لئے جھونپڑی میدانِ بدر کی کس جانب تیار کی گئی تھی؟

ج : حضور ﷺ کے لئے جھونپڑی میدانِ بدر کی شمالی مشرقی جانب بلندی پر تیار کی گئی تھی۔

155 : حضور ﷺ سے یہ جملہ کس نے کہا کہ خدانخواستہ اگر جنگ کا پانسہ پلٹ جائے تو آپ ان سانڈنیوں پر سوار ہوکر مدینہ جاسکیں گے؟

ج : یہ جملہ حضرت سعدؓ نے حضور ﷺ سے کہا تھا۔

156 : جنگِ بدر میں مجاہدین کی تعداد کیا تھی؟

ج : مشہور روایت یہی ہے کہ مجاہدین کی تعداد تین سو تیرہ (313) تھی۔

157 : جنگ بدر میں قبیلۂ خزرج کے کتنے مجاہدین شریک ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں قبیلۂ خزرج کے (١٧٠) مجاہدین شریک ہوئے۔

158 : جنگ بدر میں قبیلۂ اوس کے کتنے مجاہدین شریک ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں قبیلۂ اوس کے (٦١) اکسٹھ مجاہدین شریک ہوئے۔

159 : جنگ بدر میں کتنے مہاجر مجاہدین شریک ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں (٨٦) چھیاسی مہاجر مجاہدین شریک ہوئے۔

160 : جنگ بدر میں مہاجرین میں قبیلۂ بنی ہاشم کے کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین میں قبیلۂ بنی ہاشم کے تین مجاہدین شریک تھے۔

161 : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی مطلب کے کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی مطلب کے چار مجاہدین شریک رہتے۔

162 : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی مخزوم کے کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی مخزوم کے تین مجاہدین شریک تھے۔

163 : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی عدی کے کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی عدی کے چار مجاہدین شریک تھے۔

164 : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی جمح کے کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی جمح کے پانچ مہاجرین شریک تھے۔

165 : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی عامر کے کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی عامر کے پانچ مجاہدین شریک تھے۔

166 : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی حارث کے کتنے مجاہدین شریک تھے؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین میں بنی حارث کے چھ مجاہدین شریک تھے۔

167 : ایسے کتنے صحابہؓ ہیں جن کو جنگ بدر میں شرکت نہ کرنے کے باوجود شریک ہونے کے برابر قرار دیا گیا؟

ج : ایسے آٹھ صحابۂ کرامؓ ہیں جن کو بدری صحابی قرار دیا گیا باوجود یہ کہ انہوں نے اس جنگ میں شرکت نہیں کی۔

168 : وہ آٹھ صحابہؓ جنہیں جنگ بدر میں شرکت نہ کرنے کے باوجود شرکت کرنے کے برابر قرار دیا گیا ان میں سے کتنے صحابہ مہاجر اور کتنے انصار تھے؟

ج : ان آٹھ صحابہ میں تین مہاجر اور پانچ انصاری تھے۔

169 : مہاجرین میں وہ تین صحابہؓ کون کون ہیں جنہیں جنگ بدر میں شرکت نہ کرنے کے باوجود شریک بدر قرار دیا گیا؟

ج : اُن تین مہاجرین کے نام یہ ہیں: حضرت عثمانؓ، حضرت طلحہ بن عبیداللہ اور حضرت سعید بن زیدؓ

170 : حضرت عثمانؓ نے جنگ بدر میں کیوں شرکت نہیں کی؟

ج : اس لئے کہ اس وقت حضرت عثمانؓ کی بیوی حضرت رقیہ بنت رسول بستر مرگ پر تھیں۔

171 : حضرت طلحہ بن عبیداللہ اور حضرت سعید بن زیدؓ نے جنگ بدر میں کیوں شرکت نہیں کی؟

ج : اس لئے کہ ان دونوں کو حضور ﷺ نے جاسوسی کی مہم پر روانہ کیا تھا۔

172 : انصار میں وہ پانچ صحابہ جنہیں جنگ بدر میں شرکت نہ کرنے کے باوجود شریک بدر قرار دیا گیا ان کے نام کیا ہیں؟

ج : ان پانچ انصاری صحابہ کے نام یہ ہیں: حضرت ابولبابہؓ، حضرت عاصم بن عدیؓ، حضرت حارث بن حاطبؓ، حضرت حارث بن صمہؓ، حضرت خوات بن جبیرؓ

173 : حضرت ابولبابہؓ نے کیوں جنگ بدر میں شرکت نہیں کی؟

ج : حضرت ابولبابہؓ کو حضور ﷺ نے اپنا نائب بنا کر مقامِ روحاء سے ہی مدینہ بھیج دیا تھا۔

174 : حضرت عاصم بن عدیؓ نے جنگِ بدر میں شرکت کیوں نہیں کی؟

ج : حضرت عاصم بن عدیؓ کو حضور نے عوالی مدینہ پر اپنا نائب مقرر فرمایا تھا۔

175 : حضرت حارث بن حاطبؓ نے کیوں جنگِ بدر میں شرکت نہیں کی؟

ج : حضور ﷺ نے کسی خاص وجہ سے انہیں بنی عمرو میں واپس بھیج دیا تھا۔

176 : حضرت حارث بن صمہؓ نے جنگِ بدر میں کیوں شرکت نہیں کی؟

ج : حضرت حارث بن صمہؓ کو زخمی ہونے کی وجہ سے لوٹا دیا گیا تھا۔

177 : حضرت خوات بن جبیرؓ نے جنگ بدر میں کیوں شرکت نہیں کی؟

ج : حضرت خوات بن جبیرؓ پنڈلی پر سخت چوٹ کی وجہ سے سفر کے قابل نہیں تھے۔

178 : جنگ بدر میں کتنے مجاہدین زرہ پوش تھے؟

ج : جنگ بدر میں صرف چھ مجاہدین زرہ پوش تھے۔

179 : جنگ بدر میں کتنے مجاہدین شمشیر زن تھے۔

ج : جنگ بدر میں آٹھ مجاہدین شمشیر زن تھے

180 : حضور ﷺ نے کس تاریخ کو میدانِ جنگ کا جائزہ لیا تھا؟

ج : حضور ﷺ نے ۱۶؍رمضان المبارک کی شام کو میدان جنگ کا جائزہ لیا تھا۔

181 : حضور ﷺ نے میدان جنگ کے معائنہ کے بعد کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کل یہاں عتبہ کی لاش پڑی ہوگی، یہاں ابوجہل مارا جائے گا، ادھر امیہ بن خلف خاک وخون میں تڑپ رہا ہوگا۔

182 : حضور ﷺ نے میدان جنگ کے معائنہ کے بعد جو پیشنگوئی فرمائی تھی اس کے بارے میں حضرت انسؓ نے کیا فرمایا؟

ج : حضرت انسؓ نے فرمایا، اللہ کی قسم دوسرے دن اس کے خلاف نہیں ہوا آپ ﷺ نے جس کا قتل جہاں بتلایا تھا وہ وہیں پڑا ہوا ملا۔

183 : جنگ بدر کی رات جب بارش ہوئی تو کس کو فائدہ ہوا؟

ج : جنگ بدر کی رات جب بارش ہوئی تو مسلمانوں نے پانی کا خوب ذخیرہ کرلیا، جی بھر کر نہائے دھوئے اور تازہ دم ہو گئے اور جنگ کا ریتیلا حصہ جہاں مسلمان خیمہ زن تھے پانی کی وجہ سے جم کر سخت ہو گیا۔

184 : جنگ بدر کی رات جب بارش ہوئی تو کس کو نقصان ہوا؟

ج : جنگ بدر کی رات جب بارش ہوئی تو کافروں کو نقصان ہوا، اس لئے کہ جس حصہ میں وہ پڑاؤ ڈالے تھے، وہ نرم مٹی کا تھا، پانی کی وجہ سے کیچڑ اور دلدل بن گیا۔

185 : جنگ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے ذہنی سکون اور جسمانی تر وتازگی کے لئے ان پر کونسی حالت طاری فرمادی تھی؟

ج : اللہ تعالیٰ نے جنگ بدر کی رات مسلمانوں پر غنودگی کی کیفیت طاری فرمادی تھی، جس سے ذہنی سکون اور جسمانی تر وتازگی حاصل ہوئی۔

186 : جنگ بدر کی رات حضور ﷺ اپنی عریش (جھونپڑی) میں کس حالت میں تھے؟

ج : جنگ بدر کی رات حضور ﷺ اپنی عریش (جھونپڑی) میں رب ذوالجلال کی بارگاہ میں سجدہ کی حالت میں تھے۔

187 : جنگ بدر کے دن حضور ﷺ نے فجر کی نماز کہاں پڑھائی؟

ج : جنگ بدر کے دن حضور ﷺ نے فجر کی نماز ایک درخت کی جڑ کے پاس پڑھائی۔

188 : جنگ بدر کی صبح حضور ﷺ نے مجاہدوں کو کس بات کا حکم دیا؟

ج : جنگ بدر کی صبح حضور ﷺ نے مجاہدوں کو میدانِ جنگ میں صف آرائی کا حکم دیا۔

189 : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں فوج کو قبائیلی بنیاد پر کتنے حصوں میں تقسیم کیا؟

ج : حضور ﷺ نے جنگِ بدر میں فوج کو قبائیلی بنیاد پر دو حصوں میں تقسیم کیا، ایک مہاجرین کا دستہ، دوسرا انصار کا دستہ

190 : جنگ بدر میں ہائی کمان کس کے ہاتھ میں تھی؟

ج : جنگ بدر میں ہائی کمان خود حضور اکرم ﷺ کے ہاتھ میں تھی۔

191 : جنگ بدر میں میمنہ کے سالار کون تھے؟

ج : جنگ بدر میں میمنہ کے سالار حضرت زبیر بنؓ عوام تھے۔

192 : جنگ بدر میں میسرہ کے سالار کون تھے؟

ج : جنگ بدر میں میسرہ کے سالار حضرت مقداد بن عمروؓ تھے۔

193 : جنگ بدر میں ساقہ (پچھلے حصے) کی کمان کس کے ہاتھ میں تھی؟

ج : جنگ بدر میں ساقہ (پچھلے حصے) کی کمان حضرت قیس بن صعصعہؓ کے ہاتھ میں تھی۔

194 : جنگ بدر میں حضورﷺ نے سورج کو کس جانب رکھنے کا حکم دیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں حضورﷺ نے فوج کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ سورج کو اپنی پشت کی جانب رکھیں تاکہ آنکھیں خیرہ نہ ہوں۔

195 : حضورﷺ جنگ بدر میں صفیں کس چیز سے سیدھے فرما رہے تھے؟

ج : حضورﷺ جنگ بدر میں صفیں ایک تیر سے فرما رہے تھے جو آپ کے دستِ مبارک میں تھا

196 : کیا اہل عرب جنگ میں صف آرائی کا تجربہ رکھتے تھے؟

ج : اہل عرب کے لئے جنگ میں صف آرائی ایک نیا تجربہ تھا۔

197 : جنگ بدر میں مدنی فوج کتنی جماعتوں پر مشتمل تھی؟

ج : جنگ بدر میں مدنی فوج تین جماعتوں پر مشتمل تھی۔

198 : وہ تین جماعتیں کونسی ہیں جو مدنی فوج کی تھیں؟

ج : مہاجر، اوس اور خزرج

199 : سب سے بڑا فوجی نشان جنگ بدر میں کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ بدر میں سب سے بڑا فوجی نشان حضرت مصعب بن عمیرؓ اپنے ہاتھ میں اٹھائے ہوئے تھے۔

200 : جنگ بدر میں قبیلۂ خزرج کا جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ بدر میں قبیلۂ خزرج کا جھنڈا حضرت حباب بن منذرؓ کے ہاتھ میں تھا۔

201 : جنگ بدر میں قبیلۂ اوس کا جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

ج : جنگ بدر میں قبیلۂ اوس کا جھنڈا حضرت سعد بن معاذؓ کے ہاتھ میں تھا۔

202 : جنگ بدر میں حضرت امیر حمزہؓ اپنی لوہے کی ٹوپی پر کس کے پر لگائے ہوئے تھے؟

ج : جنگ بدر میں حضرت امیر حمزہؓ اپنی لوہے کی ٹوپی پر شتر مرغ کے پر لگائے ہوئے تھے۔

203 : جنگ بدر میں حضرت علیؓ کے سر پر کیا بندھا ہوا تھا؟

ج : جنگ بدر میں حضرت علیؓ کے سر پر بالوں کا سفید کپڑا بندھا ہوا تھا۔

204 : جنگ بدر میں حضرت زبیرؓ کے عمامہ کا رنگ کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں حضرت زبیرؓ کے عمامہ کا رنگ زرد تھا۔

205 : جنگ بدر میں حضرت ابو دجانہؓ کے سر پر کس رنگ کا سر بند بندھا ہوا تھا؟

ج : جنگ بدر میں حضرت ابو دجانہؓ کے سر پر سرخ رنگ کا سر بند بندھا ہوا تھا۔

206 : جنگ بدر میں مہاجرین کا علامتی کلمہ کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں مہاجرین کا علامتی کلمہ ''یا بنی عبدالرحمٰن'' تھا۔

207 : جنگ بدر میں قبیلۂ خزرج کا علامتی کلمہ کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں قبیلۂ خزرج کا علامتی کلمہ ''یا بنی عبداللہ'' تھا۔

208 : جنگ بدر میں قبیلۂ اوس کا علامتی کلمہ کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں قبیلۂ اوس کا علامتی کلمہ ''یا بنی عبیداللہ'' تھا۔

209 : بدر کے دن تمام مسلمانوں کا شناختی کلمہ کیا تھا؟

ج : بدر کے دن تمام مسلمانوں کا شناختی کلمہ '' **یا منصور اَمِتْ** اے فتح یاب مارو'' تھا۔

210 : بدر کے دن تمام مسلمانوں کا شناختی کلمہ دوسری روایت کے اعتبار سے کیا تھا؟

ج : بدر کے دن تمام مسلمانوں کا شناختی کلمہ دوسری روایت کے اعتبار سے ''**احد**'' یا ''**یاحی یا قیوم**'' تھا۔

211 : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو پہلی ہدایت کیا دی تھی؟

ج : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو پہلی ہدایت یہ دی تھی کہ لڑائی اس وقت تک شروع نہ کی جائے جب تک کہ میرا حکم نہ ہو۔

212 : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو دوسری ہدایت کیا دی تھی؟

ج : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو دوسری ہدایت یہ دی تھی کہ اپنی جگہ پر قائم رہو۔

213 : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو تیسری ہدایت کیا دی تھی؟

ج : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو تیسری ہدایت یہ دی تھی کہ دشمن حملہ کرے تو اسے آگے بڑھنے دو۔

214 : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو چوتھی ہدایت کیا دی تھی؟

ج : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور نے مجاہدین کو چوتھی ہدایت یہ دی تھی کہ ''جب وہ تیروں کی زد میں آئے تو تیر برساؤ ورنہ تیر بیکار جائیں گے''

215 : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو پانچویں ہدایت کیا دی تھی؟

ج : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو پانچویں ہدایت یہ دی تھی کہ ''پتھروں کی زد میں دشمن آئے تو پتھر پھینکو اور نیزوں کی حد میں آئیں تو نیزوں کا استعمال کرو''

216 : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو چھٹویں ہدایت کیا دی تھی؟

ج : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو چھٹویں ہدایت یہ دی تھی کہ تلوار کا استعمال سب سے آخر میں ہو۔

217 : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو ساتویں ہدایت کیا دی تھی؟

ج : جنگ بدر میں لڑائی سے پہلے حضور ﷺ نے مجاہدین کو یہ ہدایت دی تھی کہ اگر لڑائی کے دوران تمہارے مقابل ابوالبختر ی اور عباس بن عبدالمطلب آئیں تو انہیں قتل نہ کرنا کیونکہ وہ خود آئے نہیں بلکہ لائے گئے ہیں۔

218 : حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ کو جنگ بدر میں پہلی بار کس نئی کنیت سے پکارا تھا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت عمر فاروقؓ کو جنگ بدر میں ابوحفص کہہ کر پکارا تھا۔

219 : جنگ بدر میں مشرکین کے لشکر کے علمبرداروں کی تعداد کتنی تھی؟

ج : جنگ بدر میں مشرکین کے لشکر کے علمبرداروں کی تعداد تین تھی۔

220 : جنگ بدر میں مشرکین کے لشکر کے علمبرداروں کے نام بتلایئے؟

ج : جنگ بدر میں مشرکین کے لشکر کے علمبرداروں کے نام یہ ہیں: ابوعزیر بن عمیر، نضر بن حارث، طلحہ بن ابی طلحہ

221 : جنگ بدر میں مشرکین کے لشکر کے پیدل زرہ پوش سپاہیوں کا علمبردار کون تھا؟

ج : جنگ بدر میں مشرکین کے لشکر کے پیدل زرہ پوش سپاہیوں کا علمبردار سائب بن یزید تھا

222 : جبل حبشی مکہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

ج : جبل حبشی مکہ سے دس میل کے فاصلہ پر الرمضہ کی جانب ہے۔

223 : حبشی قبیلے کہاں آباد تھے جن کے جنگ بدر میں مشرکین کے ساتھ نہ آنے کا افسوس قریش کے سرداروں کو تھا؟

ج : یہ حبشی قبیلے جبل حبشی میں تھے۔

224 : جنگ بدر میں قریش کا لشکر جب قبیلۂ بنی غفار کے علاقہ سے گزرا تو کس نے اس لشکر کی مالی مدد کے لئے پیشکش کی تھی؟

ج : جنگ بدر میں قریش کا لشکر جب قبیلۂ بنی غفار کے علاقہ سے گزرا تو اس قبیلہ کے سردار خفاف بن ایماء نے خوراک کے لئے چند اونٹ اور اسلحہ وغیرہ سے مدد کی پیشکش کی تھی۔

225 : قبیلۂ بنی غفار کے سردار نے جب قریش کے لشکر کی مالی مدد کی پیشکش کی تھی تو قریش نے کیا کہلا بھیجا تھا؟

ج : قریش نے سردار کا شکریہ ادا کیا تھا اور کہلوایا کہ ہمارا مقابلہ انسانوں سے ہے اور ہم ان کے مقابلہ میں کمزور نہیں ہیں، ہاں! محمد ﷺ کا دعویٰ ہے کہ اللہ ان کے ساتھ ہے اگر ہم اللہ سے لڑنے جارہے ہیں تو اس کے مقابلہ میں کسی کی مدد بھی کام نہ آئے گی۔

226 : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں قریش کے لشکر کی طرف نظر فرمائی تو سب سے پہلے آپ ﷺ کو کون نظر آیا؟

ج : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں قریش کے لشکر کی طرف نظر دوڑائی تو سب سے پہلے زمعہ بن اسود اپنے گھوڑے پر سوار نظر آیا۔

227 : حضور ﷺ نے جب جنگ احد میں قریش کے لشکر کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ سے خطاب کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج : اے احکم الحاکمین! یہ گروہ قریش جو غرور و تکبر کے ساتھ تجھے اور تیرے رسول کو جھٹلانے کے لئے مقابلہ پر آیا ہے، اے اللہ! انہیں ہلاک کر دے، اے مالک! اپنی نصرت نازل فرما۔

228 : قریش کے سردار عتبہ نے جنگ بدر کی صف آرائی سے پہلے کس کو بطور جاسوس مدنی لشکر کی طرف بھیجا؟

ج : قریش کے سردار عتبہ نے اس وقت عمیر بن وہب کو بطور جاسوس بھیجا تھا۔

229 : قریش کے جاسوس عمیر بن وہب نے جب قریش کو مسلمانوں کی فوج کی اطلاع دی تو اس کے بعد کس کو جاسوسی کے لئے بھیجا گیا؟

ج : عمیر بن وہب کے بعد جاسوسی کے لئے قریش نے **ابو اسامه الحیثمی** کو مزید تحقیق کے لئے روانہ کیا۔

230 : ابو اسامہ نے مسلمانوں کے لشکر کو دیکھنے کے بعد اپنے تاثرات قریش سے کیا بیان کئے؟

ج : ابو اسامہ نے کہا کہ مسلمانوں کی فوج بے سر و سامان ہے، لیکن اپنے بال بچوں کی طرف لوٹ کر جانے کا اِرادہ نہیں رکھتی سب کے سب موت کے طالب ہیں۔

231 : قریش کے دوسرے جاسوس ابو اسامہ کی بات سن کر حکیم ابن حزام نے عتبہ کی خدمت میں پہنچ کر کیا کہا؟

ج : حکیم ابن حزام نے کہا، اے ابوالولید، آپ قریش کے سب سے بڑے صاحب عقل وفہم سردار ہیں کیا آپ یہ نہیں چاہتے کہ آپ کا ذکر ہمیشہ نیک نامی سے ہوتا رہے لہٰذا آپ اپنے لشکر کو لے کر واپس ہو جاؤ۔

232 : حکیم ابن حزام کی رائے کو سن کر عتبہ نے کیا کہا؟

ج : حکیم ابن حزام کی رائے کا جواب عتبہ نے یہ دیا کہ تم ابوجہل کو سمجھاؤ۔

233 : جنگ بدر کے موقع پر قریش کا سردار عتبہ مسلمانوں سے جنگ کے لئے ذہنی طور پر کیوں تیار نہیں تھا؟

ج : اس لئے کہ جب عتبہ لشکر لے کر مکہ سے نکل رہا تھا تو اس کے غلام عداس نے اس کے پیر پکڑ لئے تھے اور کہا تھا کہ تم اپنی قتل گاہ کی طرف ہانکے جا رہے ہو، اللہ کے رسول کے ساتھ لڑائی میں بچ کر نہ آسکو گے۔

234 : حکیم بن حزام نے ابوجہل کو جنگ سے باز رکھنے کی ترغیب دی تو ابوجہل نے کیا کہا تھا؟

ج : ابوجہل نے کہا تھا کہ لات وہبل کی قسم ہم اس وقت تک واپس نہ جائیں گے جب تک کہ ہمارے اور محمد کے درمیان فیصلہ نہ ہو جائے۔

235 : قرآن مجید نے بدر کے دن کو کونسا دن قرار دیا ہے؟

ج : قرآن مجید نے بدر کے دن کو یوم الفرقان قرار دیا ہے۔

236 : یوم الفرقان کے معنی کیا ہیں؟

ج : حق اور باطل میں فرق کا دن......

237 : قرآن مجید نے بدر کے دن کو دوسرا کونسا دن قرار دیا ہے؟

ج : قرآن مجید نے بدر کے دن کو "**یوم التقی الجمعان**"، بھی کہا ہے۔

238 : **یوم التقی الجمعان** کے کیا معنی ہیں؟

ج : وہ دن جب دو جماعتیں (مسلمان اور کافر) ایک جگہ جمع ہوئے۔

239 : جنگ بدر کو تاریخ اسلام کن ناموں سے یاد کرتی ہے؟

ج : جنگ بدر کو تاریخ اسلام ان ناموں سے یاد کرتی ہے۔غزوۂ بدر، بدر کبریٰ، بدرِقتال، بدرِثانیہ، بدر البطشہ

240 : تمام غزوات میں کس غزوہ کو زیادہ شرف حاصل ہے؟

ج : تمام غزوات میں غزوۂ بدر کو زیادہ شرف حاصل ہے۔

241 : قرآن مجید کی کس آیت میں یہ بتلایا گیا ہے کہ جنگ بدر میں ایک ہزار فرشتے مدد کے لئے آرہے ہیں

ج : سورۂ انفال کی آیت نمبر (۹) میں یوں کہا گیا:

**اذ تستغیثون ربکم فاستجاب لکم انی ممدکم بالف من الملائکة مرد فین**

وہ موقع جب کہ تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے جواب میں اس نے فرمایا کہ میں تمہاری مدد کے لئے پے در پے ایک ہزار فرشتے بھیج رہا ہوں۔

242 : حضورﷺ نے جنگ بدر میں گڑ گڑا کر کیا دعاء مانگی تھی؟

ج : اے اللہ! اگر یہ مٹھی بھر مسلمان آج ہلاک ہو گئے تو روئے زمین پر تیری عبادت کرنے والا کوئی نہیں ہوگا، اے اللہ! تو نے مجھ سے وعدہ کیا ہے وہ آج پورا کر......

243 : جنگ بدر میں کفار کے لشکر میں باپ عتبہ بن ربیعہ تھا تو مجاہدین کے جھرمٹ میں اس کے کونسے بیٹے تھے جو مسلمان تھے؟

ج : جنگ بدر میں عتبہ بن ربیعہ کفار کے لشکر میں باپ تو اس کے بیٹے ابوحذیفہ بن عتبہ مسلمانوں کے لشکر میں تھے۔

244 : جنگ بدر میں کفار کے لشکر میں بیٹا عبدالرحمٰن بن ابی بکر تھا تو مجاہدین کے لشکر میں ان کے باپ کون تھے؟

ج : حضرت ابوبکر صدیقؓ مجاہدین کے لشکر میں تھے جبکہ ان کا بیٹا عبدالرحمٰن کافروں کے لشکر میں تھا۔ بعد میں عبدالرحمٰن بھی ایمان لے آئے۔

245 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں باپ عبداللہ بن جراح تھا تو اس کے بیٹے مجاہدین کے لشکر میں کون تھے اور ان کا نام کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح تھے جو عبداللہ ابن جراح کے بیٹے تھے۔

246 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں چچا عمیر بن عثمان تھا تو مسلمانوں کے لشکر میں اس کے بھتیجے کون تھے؟

ج : عمیر بن عثمان کے بھتیجے حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ جو مسلمانوں کے لشکر میں تھے۔

247 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں عباس بن عبدالمطلب تھے (جو بعد میں مسلمان ہوئے) مسلمانوں کے لشکر میں ان کے کونسے بھائی تھے؟

ج : حضرت حمزہ بن عبدالمطلب مسلمانوں کے لشکر میں تھے جو عباس بن عبدالمطلب کے بھائی تھے۔

248 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں عقیل بن ابی طالب تھا تو اس کے کونسے بھائی مسلمانوں کے لشکر میں تھے؟

ج : حضرت علی بن ابی طالبؓ مسلمانوں کے لشکر میں تھے۔

249 : جنگِ بدر میں کافروں کے لشکر میں ولید بن عتبہؓ تھا مسلمانوں کے لشکر میں اس کے بھائی کون تھے؟

ج : مسلمانوں کے لشکر میں اس کے بھائی ابوحذیفہ بن عتبہ تھے۔

250 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں ابوعزیز بن عمیر تھا تو مسلمانوں کے لشکر میں اس کے بھائی کون تھے؟

ج : حضرت مصعب بن عمیرؓ مسلمانوں کے لشکر میں تھے۔

251 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں ابوجہل بن ہشام تھا تو اس کے کونسے بھائی مسلمانوں کے لشکر میں تھے؟

ج : حضرت عیاش بن ابی ربیعہؓ مسلمانوں کے لشکر میں تھے۔

252 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں شیبہ بن اسود تھا تو مسلمانوں کے لشکر میں اس کے بھتیجے کون تھے؟

ج : حضرت ابو حذیفہؓ مسلمانوں کے لشکر میں تھے جو شیبہ بن اسود کے بھتیجے تھے۔

253 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں زمعہ بن اسود تھے اب یہ بتائیے کہ مسلمانوں کے لشکر میں ان کے داماد کون تھے؟

ج : حضور اکرم ﷺ مسلمانوں کے لشکر کے سپہ سالار تھے جو زمعہ بن اسد کے داماد تھے، (ام المومنین حضرت سودہؓ کے والد کا نام زمعہ ہے۔)

254 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں عاص ابن ہاشم تھا تو اب یہ بتلائیے کہ مسلمانوں کے لشکر میں اس کے کونسے بھانجے تھے؟

ج : حضرت عمر بن خطابؓ مسلمانوں کے لشکر میں تھے جو عاص ابن ہاشم کے بھانجے تھے۔

255 : جنگ بدر میں کافروں کے لشکر میں ابو العاص بن ربیع تھا اب یہ بتلائیے کہ اس کے خسر کون تھے جو مسلمانوں کے لشکر میں تھے؟

ج : حضور ﷺ مسلمانوں کے لشکر کے سپہ سالار تھے جو ابو العاص ابن ربیع کے خسر تھے۔

256 : وہ کونسی جنگ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی نظروں میں کافروں کے لشکر کو کم کر کے دکھلایا؟

ج : وہ جنگ بدر ہے جس میں مسلمانوں کو کافروں کا لشکر کم نظر آیا۔

257 : وہ کونسی جنگ ہے جس میں کافروں کو مسلمانوں کا لشکر کم نظر آیا؟

ج : وہ جنگ بدر ہے جس میں کافروں کو مسلمانوں کا لشکر کم نظر آیا۔

258 : اللہ تعالیٰ نے جنگ بدر میں کافروں کی نگاہوں میں مسلمانوں کے لشکر کو کیوں کم دکھلایا؟

ج : تا کہ اللہ تعالیٰ بدر کے دن مسلمانوں اور کافروں کے درمیان قطعی فیصلہ کر دے اور کفر کا زور ٹوٹ جائے اور اسلام کا غلبہ ہو جائے۔

259 : جنگ بدر میں جب دونوں لشکر ایک دوسرے کے سامنے آ گئے تو حضور ﷺ نے کس کو سفیر بنا کر قریش کے پاس بھیجا؟

ج : حضرت عمرؓ کو اس وقت سفیر بنا کر قریش کے پاس بھیجا۔

260 : جنگ بدر میں حضرت عمرؓ نے قریش سے بحیثیت سفیر کیا کہا؟

ج : حضرت عمرؓ نے قریش سے کہا تھا کہ تم لوگ اپنے وطن لوٹ جاؤ اس لئے کہ غیروں کا ہم سے جنگ کرنا کہیں بہتر ہے کہ تم ہم سے لڑو، ہمارا غیروں سے جنگ کرنا کہیں خوشتر ہے کہ ہم تم سے لڑیں۔

261 : حضرت عمرؓ نے عین جنگ بدر کے موقع پر بحیثیت سفیر قریش کو جنگ نہ کرنے کی ترغیب دی تو حکیم ابن حزام نے سردارانِ قریش سے کیا کہا؟

ج : حکیم بن حزام نے کہا کہ انصاف کی بات یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کی اس بات کو قبول کر لو، واللہ اس منصفانہ پیشکش کے بعد پھر تم نصرت اور فتح نہ پاؤ گے۔

262 : حکیم ابن حزام نے سردارانِ قریش کو جنگ سے باز آنے کی ترغیب دی تو ابو جہل نے کیا کہا؟

ج : ابو جہل نے کہا کہ نہیں، ہمیں منظور نہیں، ہمیں تو تم پر قابو دیا گیا ہے تم ہماری دسترس میں ہو ہم بدلہ لئے بغیر پھرنے والے نہیں ہیں۔

263 : جنگ بدر میں مسلمانوں کے مقابلہ میں کافر کتنے گنا زیادہ تھے؟

ج : جنگ بدر میں مسلمانوں کے مقابلہ میں کافر تین گنا زیادہ تھے۔

264 : جنگ بدر میں حضور ﷺ نے کس پر ہتھیار چلانے سے منع فرمایا تھا؟

ج : جنگ بدر میں حضور ﷺ نے ضعیفوں، زخمیوں، عورتوں اور بچوں پر ہتھیار چلانے سے منع فرمایا تھا۔

265 : جنگ بدر میں حضور ﷺ کے اطراف پہرہ دینے والوں کے سردار کون تھے؟

ج : جنگ بدر میں حضور ﷺ کے اطراف پہرہ دینے والوں کے سردار حضرت سعد بن معاذؓ تھے

266 : جنگ بدر میں خواتین اور بچے کس خدمت پر مامور تھے؟

ج : جنگ بدر میں خواتین اور بچے تیر اور نیزے چننے، پتھر جمع کرنے اور مجاہدین کو پانی پلانے کی خدمت پر مامور تھے۔

267 : مشرکین کا لشکر جنگ بدر کے لئے جب مکہ سے روانہ ہوا تو ابو جہل نے غلافِ کعبہ پکڑ کر کیا کہا تھا؟

ج : ابو جہل نے کہا تھا، اے اللہ! کامیابی اس لشکر کو عطا کر جو حق پر ہو۔

268 : جس وقت بدر کی لڑائی شروع ہوئی تو کیا وقت تھا؟

ج : سورج کی روشنی پھیلنے کے ساتھ ہی فوجیں ایک دوسرے کے مقابل ہو گئیں۔

269 : جنگ بدر میں قریش کی طرف سے کس نے اپنی پشت پر خاک ڈال کر واعمراہ کا نعرہ لگایا تھا

ج : عامر بن حضرمی نے اپنی پشت پر خاک ڈالی اور یہ نعرہ لگایا تھا۔

270 : قریش کے کس سپاہی نے یہ عہد کیا کہ اس حوض سے پانی پی کر رہوں گا جسے مسلمانوں نے تیار کیا ہے پھر اسے ڈھا کر مر جاوں گا۔

ج : قبیلۂ بنی مخزوم کے ایک شخص اسود بن عبدالاسد نے بے قابو ہو کر یہ عہد کیا تھا۔

271 : اسود بن عبدالاسد جب حوض کی طرف دوڑنے لگا تو کس نے اس پر تلوار سے حملہ کیا تھا؟

ج : حضرت امیر حمزہؓ نے بڑھ کر تلوار کا بھرپور وار کیا تھا اور دوسرے وار سے وہیں ڈھیر کر دیا

272 : اسود بن عبدالاسد کے قتل کے بعد کون آگے بڑھا؟

ج : اسود بن عبدالاسد کے قتل کے بعد مشرکوں کا سپہ سالار عتبہ تلوار تولتا ہوا آگے بڑھا۔

273 : عتبہ کے پیچھے کون کون تھے؟

ج : عتبہ کے پیچھے اس کا بھائی شیبہ اور بیٹا ولید دونوں تھے۔

274 : جنگ بدر میں عتبہ، شیبہ اور ولید تینوں نے مسلمانوں کے لشکر سے کیا کہا تھا؟

ج : عتبہ، شیبہ اور ولید تینوں نے کہا تھا کہ کوئی ہمت والا ہو جو ہم سے لڑے، جسے موت کی آرزو ہو وہ مقابلے کے لئے آئے۔

275 : جنگ بدر میں عتبہ، شیبہ اور ولید کی للکار کو سن کر کس نے پیش قدمی کی تھی؟

ج : عتبہ کے بیٹے حضرت ابو حذیفہؓ نے مسلمانوں کی طرف سے پیش قدمی کی تھی لیکن حضور ﷺ نے انہیں اجازت نہیں دی۔

276 : جنگ بدر میں عتبہ، شیبہ اور ولید کے مقابلہ کے لئے پہلے کون تین آدمی آئے؟

ج : قبیلہء خزرج کے تین سپاہی عوفؓ، معاذ اور حضرت عبداللہ بن رواحہؓ آگے آئے۔

277 : جب عوفؓ، معاذؓ اور حضرت عبداللہ بن رواحہؓ جنگ بدر میں مقابلہ کے لئے آگے آئے تو عتبہ نے ان سے کیا پوچھا؟

ج : عتبہ نے ان سے یہ پوچھا کہ تم کون ہو؟

278 : عتبہ نے جب تینوں سے یہ سوال کیا کہ تم کون ہو تو تینوں نے کیا جواب دیا؟

ج : تینوں نے یہ کہا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے انصار ہیں۔

279 : عوفؓ، معاذؓ اور عبداللہ بن رواحہؓ سے جب یہ بات سنی کہ وہ انصار کے لوگ ہیں تو عتبہ نے کیا کہا؟

ج : عتبہ نے کہا کہ ہماری تم سے کوئی دشمنی نہیں ہے ہم تم سے لڑنا نہیں چاہتے، محمد ﷺ سے کہو کہ اپنے گھرانے کے لوگ بھیجیں۔

280 : عتبہ کی اس فرمائش پر حضور ﷺ نے عتبہ، شیبہ اور ولید کے مقابلہ کے لئے کن تین مہاجر صحابۂ کرامؓ کو بھیجا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت امیر حمزہؓ، حضرت عبیدہ بن حارثؓ اور حضرت علیؓ کو ان تینوں کے مقابلہ کے لئے بھیجا۔

281 : جنگ بدر میں جب حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت عبیدہؓ اور حضرت علیؓ، عتبہ، شیبہ اور ولید کے مقابلہ کے لئے آگے بڑھے تو مسلمانوں کی فوج میں کیا نعرے بلند ہوئے؟

ج : مسلمانوں کی فوج میں یا حی یا قیوم کے نعرے بلند ہوئے

282 : مجاہدینِ اسلام کے چہروں پر لوہے کی ٹوپی تھی اس لئے عتبہ نے جب حضرت حمزہ سے کہا کہ لڑنے سے پہلے اپنا نام و نسب تو بتاؤ تو حضرت حمزہؓ نے کیا کہا؟

ج : حضرت امیر حمزہؓ نے عتبہ کے اس سوال کا جواب یوں دیا، میں اسد اللہ اور اسد الرسول حمزہ بن عبد المطلب ہوں، یہ میرا چچا زاد بھائی عبیدہ ہے اور یہ میرا بھتیجا علی ہے۔

283 : جنگ بدر میں حضرت امیر حمزہ کے جواب کو سن کر عتبہ نے کیا کہا؟

ج : عتبہ نے کہا کہ برابر کی چوٹ ہے، میں حلیفوں کا شیر ہوں۔

284 : حضرت حمزہ، حضرت عبیدہ اور حضرت علیؓ جب تینوں دشمنانِ اسلام عتبہ، شیبہ اور ولید سے لڑنے لگے تو دونوں طرف کے لشکر کیا کر رہے تھے؟

ج : دونوں طرف کے لشکر دم بخود یہ نظارہ دیکھ رہے تھے۔

285 : حضرت امیر حمزہؓ نے کس کا کام تمام کر دیا؟

ج : حضرت امیر حمزہؓ نے مشرکوں کے سپہ سالار عتبہ کا کام تمام کر دیا اور زمین بوس کر دیا۔

286 : حضرت علیؓ نے کس کا کام تمام کر دیا؟

ج : حضرت علیؓ نے ولید جیسے بہادر کا کام تمام کر دیا۔

287 : جب حضرت امیر حمزہؓ نے عتبہ کو اور حضرت علیؓ نے ولید کو ختم کر دیا تو کافروں کی طرف سے کون تلوار لہراتے ہوئے آگے آ گیا؟

ج : طعیمہ بن عدی بن نوفل تلوار لہراتے ہوئے آگے آیا۔

288 : جنگ بدر میں طعیمہ بن عدی بن نوفل کو کس نے ڈھیر کر دیا؟

ج : جنگ بدر میں طعیمہ بن عدی کو حضرت امیر حمزہؓ نے ڈھیر کر دیا۔

289 : جنگ بدر میں شیبہ کی لڑائی کس سے ہو رہی تھی؟

ج : جنگ بدر میں شیبہ کی لڑائی حضرت عبیدہؓ بن حارث سے ہو رہی تھی۔

290 : جنگ بدر میں شیبہ نے حضرت عبیدہ پر وار کیا تو وہ کس قدر زخمی ہو گئے؟

ج : حضرت عبیدہؓ کا پاؤں کٹ گیا اور پنڈلی کی ہڈی کا گودا نکل آیا۔

291 : حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت علیؓ دونوں نے مل کر کس کو جہنم رسید کیا؟

ج : حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت علیؓ دونوں نے مل کر شیبہ کو جہنم رسید کر دیا۔

292 : وہ کونسے صحابیؓ ہیں جنہوں نے جنگ بدر میں اپنا چہرہ نبی رحمت ﷺ کے قدم مبارک پر رکھ کر پوچھا کہ اے اللہ کے رسول! کیا میں شہادت سے محروم رہا؟

ج : یہ حضرت عبیدہؓ بن حارث ہیں جنہوں نے اپنا چہرہ حضور ﷺ کے قدم مبارک پر رکھ کر یہ سوال کیا تھا۔

293 : جب حضرت عبیدہؓ نے حضور ﷺ کے قدموں میں اپنا رخسار رکھ کر یہ سوال کیا کہ کیا میں شہادت سے محروم ہوں تو حضور ﷺ نے ان کے اس سوال کا کیا جواب دیا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، میں گواہی دیتا ہوں کہ تم شہید ہو اور نیکوکاروں کے پیشوا ہو۔

294 : حضرت عبیدہ بن حارثؓ کا انتقال کہاں اور کب ہوا؟

ج : حضرت عبیدہ بن حارثؓ کا انتقال بدر سے واپسی میں وادی صفراء یا روحاء میں ہوا۔

295 : جنگ بدر میں جب شیبہ، عتبہ اور ولید تینوں ہلاک ہو گئے تو قریش کا کونسا سردار آگے بڑھ کر کیا کہہ کر مشرکوں کی ہمت بڑھا رہا تھا۔

ج : ابوجہل یہ کہہ کر مشرکوں کی ہمت بڑھا رہا تھا گھبراؤ نہیں عتبہ نے جلد بازی سے کام لیا ہے لات وعزیٰ کی قسم ہم اس وقت تک میدان جنگ سے منہ نہ پھیریں گے جب تک دشمنوں کو رسیوں سے باندھ نہ لیں گے۔

296 : جب ابوجہل مشرکوں کی ہمت بڑھا رہا تھا تو کون دشمن کافروں کی صف سے نکلا؟

ج : عبیدہ بن سعید بن عاص جوشِ غضب سے مست ہاتھی کی طرح دشمنوں کی صف سے نکلا

297 : جنگ بدر میں دشمن کی فوج کا وہ کون شخص تھا جو سرتا پا لوہے کے لباس میں غرق تھا جس کی صرف دو آنکھیں کھلی ہوئی تھیں؟

ج : وہ عبیدہ بن سعید بن عاص تھا۔

298 : عبیدہ بن سعید بن عاص سے مقابلہ کے لئے کون آگے بڑھے؟

ج : عبیدہ بن سعید بن عاص سے مقابلہ کے لئے حضرت زبیرؓ آگے بڑھے۔

299 : حضرت زبیرؓ نے عبیدہ بن سعید پر کس طرح وار کیا؟

ج : حضرت زبیرؓ نے نیزہ پھینکا تو نیزہ آنکھ کے راستہ سے مغز چاٹتے ہوئے گدی میں پیوست ہو گیا جس سے عبیدہ چکرا کر گرا اور زمین پر تڑپنے لگا۔

300 : عبیدہ بن سعید حضرت زبیر کے وار سے جب ٹھنڈا ہو گیا تو مسلمانوں کی فوج میں کیا نعرہ بلند ہوا؟

ج : مسلمانوں کی فوج میں یہ نعرہ بلند ہوا **اللّٰہ اکبر یا حی یاقیوم**

301 : جنگ بدر میں حضرت زبیرؓ نے جس نیزہ سے دشمن اسلام عبیدہ بن سعید بن عاص پر وار کیا تھا اس نیزہ کو بطور یادگار کس نے لے لیا تھا۔

ج : اس یادگار نیزہ کو بطورِ یادگار حضور ﷺ نے حضرت زبیرؓ سے لے لیا تھا۔

302 : حضرت زبیرؓ نے نیزہ بازی کی مہارت کہاں حاصل کی تھی؟

ج : حضرت زبیرؓ نے ہجرتِ حبشہ کے قیام میں نیزہ بازی میں مہارت حاصل کر لی تھی۔

303 : جب جنگ بدر میں لڑائی گھمسان کی چل رہی تھی تو حضور ﷺ کیا کر رہے تھے اور کیا فرما رہے تھے؟

ج : حضور ﷺ کبھی میدانِ جنگ پر نظر ڈالتے اور کبھی آسمان کی طرف نگاہ ڈالتے اور زبان پر یہ دعا تھی، **یا حی یا قیوم برحمتک استغیث** اے زندہ و قائم رہنے والے اپنی رحمت سے مدد فرما۔

304 : جب جنگِ بدر ہو رہی تھی اور حضور ﷺ دعاء میں گریہ وزاری کر رہے تھے اور آپ کے کندھوں سے چادر ڈھلک رہی تھی تو کون چادر درست کرتے تھے؟ اور کیا کہتے تھے۔

ج : حضرت ابو بکرؓ حضور ﷺ کی چادر درست کرتے اور فرماتے تھے کہ اے اللہ کے رسول! بس فرمایئے بیشک آپ نے اللہ کے حضور بہت گریہ وزاری کر لی ہے۔

305 : جنگ بدر کے دوران حضور ﷺ کو اونگھ سی طاری ہوئی اور جب بیدار ہوئے تو حضور ﷺ نے کس کو بشارت دی تھی؟

ج : حضور ﷺ نے اونگھ سے بیدار ہو کر حضرت ابو بکر صدیقؓ کو بشارت دی تھی کہ اے ابو بکر تم کو بشارت ہو اللہ کی نصرت آ گئی۔

306 : جب قریش بڑھ بڑھ کر حملے کر رہے تھے اور مسلمان ثابت قدمی سے جواب دے رہے تھے تو اس وقت حضور ﷺ نے قرآن مجید کی کونسی آیت تلاوت فرمائی؟

ج : حضور ﷺ نے سورۂ قمر کی آیت نمبر (۴۵) تلاوت فرمائی۔

"**سیھزم الجمع ویولون الدبر** عنقریب یہ جتھا شکست کھا جائے گا اور یہ سب پیٹھ پھیر کر بھاگتے نظر آئیں گے"

307 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے کھجوریں پھینک دیں اور تلوار سونت کر دشمنوں کے نرغہ میں یہ کہتے ہوئے پہنچ گئے کہ میرے اور جنت کے درمیان فاصلہ صرف شہادت کا ہے؟

ج : یہ حضرت عمیر بن حمامؓ ہیں جو یہ جملہ کہتے ہوئے لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔

308 : وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے جنگِ بدر میں اپنی زرہ بدن سے اُتاری اور دشمنوں کی صف پر ٹوٹ پڑے یہاں تک کہ وہ شہید ہو گئے؟

ج : یہ حضرت عوف بن حارثؓ ہیں۔

309 : جب کافروں اور مجاہدوں کے درمیان انفرادی مقابلے تلواروں اور نیزوں سے ہونے لگے اور گھمسان کا رن پڑا تو حضور ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے اِشارے سے کیا کیا

ج : حضور ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے اِشارے سے مٹھی بھر ریت زمین سے اٹھائی اس پر کچھ پڑھ کر پھونکا اور پھر اسے مشرکین کی جانب پھینکتے ہوئے فرمایا:

"**شاهت الوجوه اللهم ارعب قلوبهم وزلزل اقدامهم** ان کے چہرے رسوا اور ذلیل ہوں، ان کے دلوں پر خوفِ خدا طاری ہو اور ان کے قدم اکھڑ جائیں۔

310 : حضور ﷺ نے مٹھی بھر مٹی کافروں پر پھینکی تو اس کا کیا اثر ہوا؟

ج : فرشتوں نے اس مٹی کو ہر مشرک کی آنکھ، ناک اور منہ میں پہنچا دیا۔

311 : حضور ﷺ نے مٹھی بھر مٹی جو پھینکی اس کا تذکرہ قرآن مجید کی کس آیت میں ہے؟

ج : "**وما رميت اذ رميت ولكن الله رمى** اے نبی! آپ نے نہیں پھینکی وہ مشتِ خاک بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکی"

312 : جب عام جنگ ہوئی تو مسلمانوں کی طرف سے شیروں کی طرح نکلنے والے مشہور مجاہدین کون کون تھے؟

ج : حضرت حمزہؓ، حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت مقدادؓ، حضرت ابودجانہ، حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

313 : جنگِ بدر میں مجاہدین میں سب سے پہلے کس صحابیٔ رسول نے اپنی جان وتن کا نذرانہ پیش کیا؟

ج : جنگِ بدر میں مجاہدین میں سب سے پہلے حضرت **مهجع**ؓ نے اپنی جان وتن کا نذرانہ پیش کیا تھا

314 : جنگ بدر کے سب سے پہلے شہید صحابی کو کس نے شہید کیا تھا؟

ج : جنگ بدر کے سب سے پہلے شہید صحابی کو حضرمی نے شہید کیا تھا۔

315 : جنگ بدر کے پہلے شہید حضرت **مهجع**ؓ مہاجر ہیں یا انصاری؟

ج : جنگ بدر کے سب سے پہلے شہید حضرت **مهجع**ؓ مہاجر ہیں۔

316 : جنگ بدر میں انصاری صحابہؓ میں کون سب سے پہلے شہید ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں انصاری صحابہؓ میں سب سے پہلے حضرت حارثہ بن سراقہؓ شہید ہوئے۔

318 : جنگ بدر میں ابوجہل پر حملہ کرنے والے نوجوان نے کس سے یہ پوچھا کہ کیا آپ ابوجہل کو پہچانتے ہیں؟

ج : جنگ بدر میں ابوجہل پر حملہ کرنے والے نوجوان نے حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف سے یہ بات پوچھی تھی۔

319 : میدانِ بدر میں جنگ کے موقع پر حضور ﷺ کے لئے جہاں عریش (جھونپڑی) بنائی گئی تھی اب وہاں بطور یادگار کیا موجود ہے؟

ج : اب وہاں بطورِ یادگار مسجد عریش بنا دی گئی ہے۔

320 : جنگ بدر میں ابوجہل پر موقع پا کر سب سے پہلے کس نے وار کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں ابوجہل پر سب سے پہلے موقع پا کر حضرت معاذ بن عمروؓ نے وار کیا تھا۔

321 : حضرت معاذ بن عمروؓ کے وار سے ابوجہل پر کیا اثر ہوا؟

ج : ابوجہل کی ٹانگ کٹ گئی، وہ بری طرح زخمی ہو کر گھوڑے سے گرا اور زمین پر ایڑیاں رگڑنے لگا۔

322 : جنگ بدر میں ابوجہل کو زخمی پڑے دیکھ کر اس کی مدد کے لئے کون آگے آیا؟

ج : ابوجہل کو زخمی پڑے دیکھ کر اس کا بیٹا عکرمہ آگے بڑھا۔

323 : اپنے باپ عکرمہ نے جنگ بدر میں ابوجہل پر وار کرنے والے حضرت معاذ بن عمروؓ پر حملہ کیا تو ان پر اس کا کیا اثر ہوا؟

ج : حضرت معاذ بن عمروؓ کا ہاتھ عکرمہ کی تلوار کے وار سے شانہ سے کٹ گیا اور صرف تسمہ لگا رہا اسے لڑائی میں سدراہ پایا تو پیر تلے داب کر علحدہ کر دیا۔

324 : جنگ بدر میں ابوجہل پر وار کرنے والے حضرت معاذؓ بن عمرو کب تک زندہ رہے؟

ج : جنگ بدر میں ابوجہل پر وار کرنے والے حضرت معاذ بن عمروؓ حضرت عثمانؓ کی خلافت کے زمانہ تک زندہ رہے۔

325 : جنگ بدر میں ابوجہل کو زخمی حالت میں ایڑیاں رگڑتے دیکھا تو دوسرا وار کس نے کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں ابوجہل کو زخمی حالت میں ایڑیاں رگڑتے دیکھا تو معوذ بنؓ عفراء نے اس پر تلوار کا کاری وار کیا تھا۔

326 : ابوجہل کو قتل کرنے کے بعد دونوں معاذؓ اور معوذؓ نے ابوجہل کو قتل کر دیا تو وہ سیدھے کس کے پاس پہنچے؟

ج : معاذؓ اور معوذؓ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے۔

327 : ابوجہل کے قتل کے بعد حضور ﷺ نے معاذؓ اور معوذؓ سے کیا پوچھا؟

ج : حضور ﷺ نے پوچھا تم میں سے کس نے اسے قتل کیا ہے؟

328 : حضور ﷺ نے جب معاذؓ اور معوذؓ سے یہ پوچھا کہ تم میں سے کس نے ابوجہل کو قتل کیا تو دونوں نے کیا کہا؟

ج : معاذ اور معوذ دونوں میں سے ہر ایک نے کہا کہ میں نے قتل کیا ہے۔

329 : حضور ﷺ نے ابوجہل کے قتل کے سلسلہ میں معاذؓ اور معوذؓ سے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، تم دونوں نے اسے قتل کیا ہے۔

330 : جنگ بدر کے بعد حضور ﷺ نے مال غنیمت کی تقسیم کے موقع پر ابوجہل کا ساز وسامان کس کو دیا تھا؟

ج : حضور ﷺ نے ابوجہل کا ساز وسامان حضرت معاذ بن عمروؓ کو دیا تھا۔

331 : جنگ بدر میں ابوجہل کے سر کو اس کے تن سے جدا کرنے والے کون تھے؟

ج : جنگ بدر میں ابوجہل کے سر کو تن سے جدا کرنے والے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ تھے۔

332 : جب ابوجہل مرا پڑا ہوا تھا تو حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے ابوجہل سے کیا پوچھا؟

ج : حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے ابوجہل سے پوچھا کیا تو ہی ابوجہل ہے۔

333 : جب حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ابوجہل کا سر کاٹنے کے لئے اس کے سینہ پر سوار ہوئے تو ابوجہل نے کیا کہا؟

ج : ابوجہل نے کہا میری تلوار سے جو بہت تیز ہے میرا سر کاٹ اور سن! سر شانوں کے قریب سے کاٹ تا کہ دیکھنے والوں کو ہیبت ناک نظر آئے۔

334 : حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جب ابوجہل کا سر کاٹ کر حضور ﷺ کی خدمت میں ڈال دیئے تو حضور ﷺ نے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، تعریف اس اللہ تعالیٰ کی جس نے اس دشمن خدا کو ذلیل کیا۔

335 : حضور ﷺ نے جب ابوجہل کی بے سر کی لاش دیکھی تو کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔

336 : جنگ بدر میں ابوجہل کے قتل کے بعد مشرکین کے لشکر کی کیا حالت ہوگئی؟

ج : ابوجہل کے قتل کے بعد مشرکین کے حوصلے پست ہوئے، ان کے پاؤں اکھڑ گئے اور وہ جدھر سینگ سمائے بھاگنے لگے۔

337 : جنگ بدر میں جب مشرکین بھاگنے لگے تو حضور ﷺ نے کیا حکم دیا؟

ج : حضور ﷺ نے یہ حکم دیا کہ بھگوڑوں کا تعاقب کیا جائے اور انہیں قیدی بنالیا جائے۔ ہر مجاہد اپنے مقتول کا اسلحہ اُتار لے۔

338 : وہ کونسے صحابی ہیں جو جنگ بدر میں مشرکوں کے ساتھ مکہ سے آئے تھے مگر جنگ کے دوران مسلمانوں کے لشکر میں آگئے تھے؟

ج : یہ حضرت عبداللہ بن سہیل بن عمروؓ تھے۔

339 : شہدائے بدر کی تعداد کتنی ہے؟

ج : شہدائے بدر کی تعداد (۱۴) ہے۔

340 : شہدائے بدر میں مہاجر کتنے تھے؟

ج : شہدائے بدر میں چھ مہاجر تھے۔

341 : شہدائے بدر میں انصار کتنے تھے؟

ج : شہدائے بدر میں آٹھ انصار تھے۔

342 : انصار میں جو جنگ بدر میں شہید ہوئے ان کے نام بتلائیے؟

ج : (۱) حضرت سعد بن خیثمہؓ (۲) حضرت مبشر بن عبدالمنذرؓ، (۳) حضرت یزید بن حارثؓ (۴) حضرت عمیر بن حمامؓ، (۵) حضرت رافع بن معلیٰؓ (۶) حضرت حارثہ بن سراقہؓ (۷) حضرت عوف بن حارثؓ (۸) حضرت معوذ بن حارثؓ

343 : مہاجرین میں جو جنگ بدر میں شہید ہوئے ان کے نام بتلائیے؟

ج : (۱) حضرت مہجعؓ (۲) حضرت عبیدہ بن حارثؓ (۳) حضرت عمیر بن عبد عمیرؓ (۴) حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ (۵) حضرت عاقل بن بکیرؓ (۶) حضرت صفوان بن بیضاؓ

344 : جنگ بدر میں حضرت عبیدہ بن حارثؓ کس کے ہاتھوں زخمی ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں حضرت عبیدہ بن حارثؓ شیبہ کے ہاتھوں زخمی ہوئے اور بدر سے واپسی پر شہید ہو گئے۔

345 : وہ کونسے شہید بدر ہیں جن کو ذوالیدین کہا گیا؟

ج : وہ حضرت عمیر بن عبد عمیرؓ ہیں جن کو ذوالیدین کہا گیا۔

346 : حضرت عمیر بن ابی وقاص کی عمر جنگ بدر میں شہادت کے وقت کتنی تھی؟

ج : حضرت عمیر بن ابی وقاص شہید بدر کی عمر بوقت شہادت (۱۶) سال تھی۔

347 : شہید بدر حضرت صفوان بن بیضاءؓ کس کے ہاتھوں شہید ہوئے؟

ج : شہید بدر حضرت صفوان بن بیضاءؓ طعیمہ بن عدی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

348 : شہید بدر حضرت سعد بن خیثمہؓ کس کے ہاتھوں شہید ہوئے؟

ج : شہید بدر حضرت سعد بن خیثمہؓ عمرو بن عبدود کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

349 : شہید بدر حضرت مبشر بن عبدالمنذ رؓ کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے۔

ج : شہید بدر حضرت مبشر بن عبدالمنذ رؓ قبیلہ اوس سے تعلق رکھتے تھے۔

350 : شہید بدر حضرت یزید بن حارثؓ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج : شہید بدر حضرت یزید بن حارثؓ کا تعلق بنی نجار سے تھا۔

351 : شہید بدر حضرت عمیر بن حمامؓ کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

ج : شہید بدر حضرت عمیر بن حمامؓ خزرج کی شاخ بنوسلمہ سے تعلق رکھتے تھے۔

352 : جنگ بدر میں شہید ہونے والے وہ کونسے صحابیؓ ہیں جو خود بھی صحابی تھے اوران کے والد بھی صحابی تھے اور وہ خود بھی شہید ہوئے اور ان کے والد بھی شہید ہوئے؟

ج : وہ حضرت رافع بن معلیؓ تھے جن کو یہ اعزاز حاصل تھا۔

353 : وہ کون شہید بدر صحابیؓ ہیں جن کی والدہ حضرت انسؓ کی پھوپی تھیں؟

ج : وہ حضرت حارثہ بن سراقہؓ ہیں جن کی والدہ حضرت انسؓ کی پھوپھی تھیں۔

354 : وہ کونسی صحابیہ ہیں جن کے سات بیٹے میدانِ جنگ میں مسلمانوں کی فوج میں تھے؟

ج : وہ حضرت عفراء بنت عبید انصاریؓ ہیں جن کے سات بیٹے میدانِ جنگ میں اسلامی لشکر میں تھے

355 : مکہ کے وہ چودہ سردار جو دارالندوہ میں جمع ہوکر اسلام کے چراغ کو گل کرنے پر متفق تھے ان میں کتنے سردار جنگ بدر میں ہلاک ہوئے؟

ج : ان چودہ میں سے گیارہ سردار میدان جنگ بدر میں ہلاک ہوگئے۔

356 : مکہ کے چودہ سرداروں میں سے گیارہ میدانِ بدر میں ہلاک ہوئے باقی تین سرداروں کا حال کیا ہوا؟

ج : باقی تین سرداروں کو ایمان نصیب ہوا۔

357 : مکہ کے چودہ سرداروں میں سے جو دارالندوہ میں شریک تھے ان میں وہ کونسے تین سردار ہیں جنہیں بعد میں ایمان نصیب ہوا؟

ج : وہ تین سردار جنہیں بعد میں ایمان نصیب ہوا وہ یہ ہیں: (۱) حضرت حکیم بن حزامؓ
(۲) حضرت سہیل بن عمروؓ، اور حضرت جبیر بن مطعمؓ

358 : جنگ بدر میں گرفتار ہونے والے دشمنوں کی تعداد کیا تھی؟

ج : جنگ بدر میں گرفتار ہونے والے دشمنوں کی تعداد ستر تھی۔

359 : جنگ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھ گرفتار ہونے والا پہلا قیدی کون تھا؟

ج : جنگ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھ گرفتار ہونے والا پہلا قیدی نضر بن حارث تھا۔

360 : جنگ بدر کے پہلے قیدی نضر بن حارث کو کس نے قید کیا تھا؟

ج : جنگ بدر کے پہلے قیدی نضر بن حارث کو حضرت مقدادؓ نے قید کیا تھا۔

361 : جنگ بدر میں گرفتار ہونے والے مشہور لوگ کون تھے؟

ج : جنگ بدر میں گرفتار ہونے والے مشہور لوگ یہ تھے۔ (۱) عباس بن عبد المطلب
(۲) عقیل بن ابی طالب (۳) نوفل بن حارث (۴) سائب بن عبید
(۵) عمرو بن ابی سفیان (۶) ابو العاص بن ربیع، (۷) ابو عزیز بن عمیر (۸) ولید بن ولید
(۹) سہیل بن عمرو (۱۰) عقبہ بن ابی معیط (۱۱) نضر بن حارث

362 : جنگ بدر میں عباس بن عبد المطلب کو کس نے گرفتار کیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں عباس بن عبد المطلب کو کعب بن عمرو نے گرفتار کیا تھا۔

363 : نضر بن حارث جنگ بدر میں قتل کیا گیا تو کس نے اس پر مرثیہ لکھا؟

ج : نضر بن حارث کو جب جنگ بدر میں قتل کیا گیا تو اس کی بیٹی نے مرثیہ لکھا تھا۔

364 : نضر بن حارث کی ہلاکت پر لکھے گئے مرثیہ کو سن کر حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا، اگر نضر بن حارث کی بیٹی کا یہ مرثیہ قتل سے پہلے مجھ تک پہنچ جاتا
تو میں ضرور نضر بن حارث پر احسان کرتا۔

365 : حضورﷺ نے جب نضر بن حارث کی بیٹی کے مرثیہ سے متاثر ہوکر یہ کہا کہ اگر یہ مرثیہ قتل سے پہلے مجھے ملتا تو میں ضرور احسان کرتا تو اس جملہ کو سن کر نضر بن حارث کی بیٹی نے کیا کیا؟

ج : نضر بن حارث کی بیٹی قتیلہ نے ایمان قبول کرلیا۔

366 : جنگ بدر میں قید ہوکر آنے والے عباس بن عبدالمطلبؓ نے کب ہجرت کی؟

ج : جنگ بدر میں قید ہوکر آنے والے عباس بن عبدالمطلبؓ نے فتح مکہ سے ایک دن پہلے مکہ سے ہجرت کی۔

367 : وہ کونسے صحابی ہیں جن کو آخر المہاجرین کہا جاتا ہے؟

ج : وہ حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ ہیں جن کو آخر المہاجرین کہا جاتا ہے۔

368 : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والے عقیل بن عبدالمطلب کب مسلمان ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والے عقیل بن عبدالمطلب صلح حدیبیہ کے زمانے میں مسلمان ہوئے۔

369 : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والے نوفل بن حارث کب مسلمان ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والے نوفل بن حارث ۵/سن ہجری میں غزوۂ خندق کے سال مسلمان ہوئے۔

370 : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والے ابوالعاص بن ربیع کس سن میں مسلمان ہوئے؟

ج : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والے ابوالعاص بن ربیع ۶/سن ہجری میں مسلمان ہوئے

371 : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والوں سے میں کن کن لوگوں نے فتح مکہ کے موقع پر اسلام قبول کیا؟

ج : حضرت سائب بن ابی حبیشؓ، حضرت ابووداعہ سہمیؓ، حضرت عبداللہ بن ابیؓ بن خلف، حضرت سہیل بن عمروؓ، وغیرہ نے فتح مکہ کے موقع پر اسلام قبول کیا۔

372 : جنگ بدر میں قیدی بن کر آنے والے وہیب بن عمیر نے کب ایمان قبول کیا؟

ج : جنگ بدر میں قیدی بن کرآنے والے وہیب بن عمیر نے جنگ بدر کے بعد ایمان قبول کیا۔

373 : جنگ بدر میں قیدی بن کرآنے والے قسطاس مولیٰ امیہ بن خلف نے کب ایمان قبول کیا

ج : جنگ بدر میں قیدی بن کرآنے والے حضرت قسطاسؓ مولیٰ امیہ بن خلف نے غزوۂ احد کے بعد ایمان قبول کیا۔

374 : جنگ بدر میں کس کو فتح نصیب ہوئی؟

ج : جنگ بدر میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔

375 : جنگ بدر میں کس کو شکست ہوئی؟

ج : جنگ بدر میں مشرکوں کو شکست ہوئی۔

376 : جنگ بدر میں ہوئی فتح کی خوشخبری کے لئے مدینہ کے نشیبی حصہ کی طرف کس کو روانہ کیا گیا

ج : جنگ بدر میں ہوئی فتح کی خوشخبری کے لئے مدینہ کے نشیبی حصہ کی طرف حضرت زید بن حارثہؓ کو روانہ کیا گیا۔

377 : جنگ بدر کی فتح کی خوشخبری سنانے کے لئے مدینہ کے عالیہ یعنی قباء، وائل وغیرہ محلوں کی طرف کس کو روانہ کیا گیا؟

ج : جنگ بدر کی فتح کی خوشخبری سنانے کے لئے مدینہ کے عالیہ علاقہ کی طرف حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کو روانہ کیا گیا۔

378 : حضرت زید بن حارثہؓ مدینہ والوں کو جنگ بدر کی فتح کی خوشخبری سنانے کے لئے کس کی اونٹنی پر سوار ہو کر آئے تھے؟

ج : حضرت زید بن حارثہؓ مدینہ والوں کو جنگ بدر کی فتح کی خوشخبری سنانے کے لئے حضور ﷺ کی اونٹنی پر سوار ہو کر آئے تھے۔

379 : شکست خوردہ قریشیوں میں سب سے پہلے مکہ پہنچنے والا کون تھا؟

ج : شکست خوردہ قریشیوں میں سب سے پہلے مکہ پہنچنے والا الحسیمان بن حابس خزاعی تھا۔

380 : جب الحسیمان بن حابس خزاعی نے کعبہ کے صحن میں جمع لوگوں کو قریشیوں کے جنگ بدر میں شکست کھا جانے کی اطلاع دی تو صفوان ابن امیہ نے کیا کہا؟

ج : صفوان ابن امیہ نے کہا کہ اس شخص کا دماغ ماوف ہوگیا ہے جانے کیا بک رہا ہے۔

381 : جنگ بدر سے ابوسفیان شکست کھا کر مکہ پہنچے اور ابولہب نے حالات دریافت کئے تو ابوسفیان نے کیا کہا؟

ج : ابوسفیان نے کہا کہ جب ہم اصحابِ محمد ﷺ پر حملہ آور ہوئے تو کس نے ہماری مشکیں کس دیں اور ہمارے ہتھیار چھین لئے تھے وہ سفید لباس پہنے ابلق گھوڑوں پر سوار تھے۔

282 : جنگ بدر کے بعد ابولہب کا کیا حال ہوگیا تھا۔

ج : جنگ بدر کے بعد ابولہب چیچک کی بیماری میں مبتلا ہوگیا، بیماری کے خوف سے بیوی بچے تک قریب نہ آتے تھے، تین دن بعد عبرتناک حالت میں مر گیا، حبشیوں نے نعش کو رسیوں سے کھینچ کر ایک گڑھے میں ڈال دیا اور دور سے اس پر پتھر برسائے تاکہ جسم ڈھک جائے۔

283 : جنگ بدر میں شکست کھانے کے بعد مکہ کی عورتوں کا کیا حال تھا؟

ج : جنگ بدر میں شکست کھانے کے بعد مکہ کی عورتوں کا یہ حال تھا کہ انھوں نے سر میں تیل ڈالنا اور بناو سنگھار کرنا چھوڑ دیا تھا۔

284 : جنگ بدر کے بعد ابوسفیان نے کیا قسم کھائی تھی؟

ج : جنگ بدر کے بعد ابوسفیان نے قسم کھائی تھی کہ جب تک اس شکست کا بدلہ نہ لوں گا زندگی کا ہر عیش و آرام اپنے اوپر حرام سمجھوں گا۔

285 : جنگ بدر کے بعد ابوسفیان کی بیوی ہند نے کیا قسم کھائی تھی؟

ج : ہند نے بھی یہی قسم کھائی تھی کہ زندگی کا ہر عیش و آرام اپنے اوپر حرام سمجھوں گی۔

286 : وہ کونسی عورت ہے جس کا باپ عتبہ، جس کا بھائی ولید، جس کا چچا شیبہ اور جس کا بیٹا حنظلہ سب جنگ بدر میں قتل ہو گئے تھے؟

ج : وہ ہندہی ہے جس کے یہ سارے رشتہ دار جنگ بدر میں قتل ہو گئے تھے۔

287 : جنگ بدر کے بعد ابوسفیان نے مکہ والوں کو کیا تاکید کی تھی؟

ج : جنگ بدر کے بعد ابوسفیان نے مکہ والوں کو یہ تاکید کی تھی کہ وہ اپنے مقتولین پر نہ روئیں ورنہ مسلمان خوش ہوں گے۔

288 : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں قریش کے (۲۴) مقتول سرداروں کو کہاں ڈالنے کا حکم دیا تھا

ج : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں قریش کے (۲۴) مقتول سرداروں کو اندھے کنویں میں ڈالنے کا حکم دیا تھا۔

289 : جنگ بدر میں جب مقتول عتبہ بن ربیعہ کی لاش گھسیٹی جارہی تھی تو مسلمانوں کے لشکر میں اس کے کونسے بیٹے سامنے موجود تھے؟

ج : عتبہ بن ربیعہ کے بیٹے ابوحذیفہ اس منظر کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔

290 : وہ کون دشمن رسول ہے جس کی لاش کو جنگ بدر کے بعد گھسیٹا جارہا تھا تو اس کے اعضاء الگ الگ ہو رہے تھے۔

ج : وہ امیہ ابن خلف ہے جس کو جب گھسیٹا جارہا تھا تو اس کے اعضاء الگ الگ ہو رہے تھے

291 : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں فتح کے بعد میدانِ بدر میں کتنے دن قیام فرمایا؟

ج : حضور نے میدانِ بدر میں فتح کے بعد تین دن تک قیام فرمایا۔

292 : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں فتح کے بعد میدان بدر میں تین دن کیوں قیام فرمایا تھا؟

ج : تاکہ مالِ غنیمت اکٹھا ہو جائے اور مجاہدین اور سواریاں آرام کر لیں۔

293 : حضور ﷺ نے جنگ بدر کے بعد غنیمت کا مال جمع کرنے والوں کا نگران کس کو بنایا تھا؟

ج : حضور ﷺ نے جنگ بدر میں غنیمت کا مال جمع کرنے والوں کا نگران حضرت عبداللہ بن کعبؓ کو بنایا تھا۔بعض روایتوں میں حضرت خباب ابن ارتؓ کا نام بھی ہے۔

294 : جنگ بدر میں حضور ﷺ سے کس نے مرزبان نامی تلوار مانگی تھی؟

ج : جنگ بدر میں حضور ﷺ سے حضرت ارقم بن ابی ارقم نے مرزبان نامی تلوار مانگی تھی تو آپ ﷺ نے انہیں عطا فرمادی تھی۔

295 : جنگ بدر میں مرزبان نامی تلوار کس کے ہاتھ لگی تھی؟

ج : جنگ بدر میں مرزبان نامی تلوار حضرت ابوساعدیؓ کے ہاتھ لگی تھی۔

296 : جنگ بدر کے تیسرے دن حضور ﷺ صحابہ کرامؓ کے ساتھ جب اس کنویں کے پاس تشریف لائے جس میں سردارانِ قریش کی لاشوں کو ڈالا گیا تھا تو آپ ﷺ نے وہاں کیا اِرشاد فرمایا تھا۔

ج : حضور ﷺ نے ایک ایک سردار کا نام لے کر آواز دی کہ اے عتبہ، اے ابوجہل، اے شیبہ تم لوگ اپنے نبی کے کیسے برے رشتہ دار تھے کہ تم نے جھٹلایا اور دوسروں نے میری تصدیق کی تم نے مجھے نکالا اوروں نے مجھے ٹھکانا دیا، تم نے قتال کیا دوسرں نے میری مدد کی

297 : جنگ بدر میں قیدیوں پر حضور ﷺ نے کس کو مہتمم قرار دیا؟

ج : جنگ بدر میں قیدیوں پر حضور ﷺ نے اپنے غلام شقران کو مہتمم قرار دیا۔

298 : بدر سے روانگی کے بعد کس مقام پر تمام قیدی حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کئے گئے؟

ج : بدر سے روانگی کے بعد اُثیل نامی مقام پر تمام قیدی آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کئے گئے

299 : بدر کے قیدیوں میں سے کس کی گردن ماردینے کا حکم حضور ﷺ نے دیا؟

ج : بدر کے قیدیوں میں نضر بن حارث کی گردن مارنے کا حکم حضور ﷺ نے دیا۔

300 : حضور ﷺ کے حکم کے مطابق نضر بن حارث کی گردن کس نے ماری؟

ج : حضور ﷺ کے حکم کے مطابق حضرت علیؓ نے نضر بن حارث کی گردن ماری۔

301 : جنگ بدر کے بعد کس مقام پر پہنچ کر مال غنیمت کی تقسیم کا حکم ہوا تھا؟

ج : جنگ بدر کے بعد النازیہ میں ٹیلہ کے ایک درخت کے پاس غنیمت کے مال کی تقسیم کا حکم ہوا تھا۔

302 : جنگ بدر میں غنیمت کے مال کی تقسیم میں اختلاف رائے ہوا تو قرآن مجید کی کونسی آیت نازل ہوئی؟

ج : سورۂ انفال کی پہلی آیت نازل ہوئی۔

**یسئلونک عن الانفال قل الانفال لله والرسول**

303 : جنگ بدر میں حاصل مال غنیمت کی تقسیم حضور ﷺ نے کس طرح فرمائی؟

ج : آپ ﷺ نے پہلے بیت المال کے لئے خمس (پانچواں حصہ) نکال کر سب میں برابر برابر تقسیم کرنے کا حکم دیا تھا۔

304 : جنگ بدر میں غنیمت کے مال میں کس طرح کی چیزیں تھیں؟

ج : جنگ بدر میں غنیمت کے مال میں ہر طرح کی چیزیں تھیں۔ اونٹ، گھوڑے، لباس، کپڑے، غلہ، زرہیں، چمڑے کے بستر، دباغت شدہ کھالیں، ہتھیار، وغیرہ

305 : جنگ بدر میں غنیمت کے مال کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا؟

ج : جنگ بدر میں غنیمت کے مال کو (۳۱۷) حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔

306 : جنگ بدر میں مجاہدین کے مال واسباب کی نگرانی کا کام کس کے سپرد تھا؟

ج : جنگ بدر میں مجاہدین کے مال واسباب کی نگرانی کا کام حضرت خبیب بن عدیؓ کے ذمہ تھا۔

307 : جنگ بدر میں وہ کون تین غلام تھے جن کو غنیمت میں حصہ نہیں دیا گیا تھا؟

ج : وہ تین غلام یہ ہیں، حضرت حاطب ابن ابی بلتعہ، حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف اور حضرت سعد بن معاذؓ

308 : یہ تین غلام صحابہؓ جنگ بدر میں کس خدمت پر مامور تھے؟

ج : یہ قیدیوں کی خدمت پر مامور تھے۔

309 : جنگ بدر میں ان تین غلاموں کو کیا ملا؟

ج : جنگ بدر میں ان تین غلاموں کو بخشش میں اس قدر مال ملا کہ اگر آزاد ہوتے تو پھر اتنا حصہ نہ پاتے

310 : جنگ بدر میں حضور ﷺ نے اپنے لئے مالِ غنیمت میں کیا چیز پسند فرمائی؟

ج : جنگ بدر میں حضور ﷺ نے اپنے لئے دو چیزیں پسند فرمائیں۔ابوجہل کی اونٹنی اور منبہ بن حجاج کی تلوار ذوالفقار

311 : جنگ بدر کے دن حضور ﷺ کے ہاتھ میں جو تلوار تھی اس کا نام کیا ہے؟

ج : جنگ بدر کے دن حضور ﷺ کے ہاتھ میں جو تلوار تھی اس کا نام ''عضب'' ہے۔

312 : جنگ بدر میں حضور ﷺ نے جو زرہ زیب تن فرمائی تھی اس کا نام کیا تھا۔

ج : اس زرہ کا نام ''ذات الفضول'' تھا۔

313 : حضور ﷺ نے ذات الفضول نامی زرہ رحلت سے پہلے کس کے پاس رہن رکھی تھی۔

ج : حضور ﷺ نے ذات الفضول نامی زرہ رحلت سے پہلے ایک یہودی کے پاس چند صاع جو کے عوض رہن رکھی تھی۔

314 : جنگ بدر کے دن حضور ﷺ کے ہاتھ میں جو تلوار تھی اور آپ کے جسم مبارک پر جو زرہ تھی یہ دونوں چیزیں، حضور کو کس نے عطا کی تھیں؟

ج : یہ دونوں چیزیں حضور ﷺ کو حضرت سعد بن عبادہؓ نے عطا کی تھیں۔

315 : حضور ﷺ کی تلوار ذوالفقار جو آپ ﷺ کو غنیمت میں حاصل ہوئی تھی اس تلوار کی پشت پر کس طرح کے نشانات تھے؟

ج : اس تلوار پر ریڑھ کی ہڈی کی طرح کے نشانات تھے۔

316 : جنگ بدر میں جو ذوالفقار نامی تلوار حضور ﷺ کو ملی تھی یہ تلوار آپ ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر کس کو عطا فرمائی تھی؟

ج : حضور ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر ذوالفقار نامی تلوار حضرت علیؓ کو عطا فرمائی تھی۔

317 : حضرت علیؓ نے غزوۂ خندق میں ذوالفقار نامی تلوار سے کس کو قتل کیا تھا؟

ج : حضرت علیؓ نے غزوۂ خندق میں ذوالفقار نامی تلوار سے عمرو بن عبدود کو قتل کیا تھا۔

318 : حضور ﷺ نے مقامِ سیر میں مال غنیمت تقسیم کرنے کے بعد وہاں سے نکل کر کہاں قیام فرمایا تھا

ج : حضور ﷺ نے مقامِ سیر سے نکل کر الظبیہ نامی مقام پر قیام فرمایا تھا۔

319 : جنگ بدر کے بعد مقامِ الظبیہ میں کس دشمن رسول کو سزائے موت سنائی گئی؟

ج : جنگ بدر کے بعد مقام الظبیہ میں عقبہ بن ابی معیط کو سزائے موت سنائی گئی۔

320 : جنگ بدر کے بعد جب حضور ﷺ نے عقبہ بن ابی معیط کو سزائے موت سنائی تو کس نے اس کی گردن اڑائی تھی؟

ج : حضرت عاصم بن ثابت انصاریؓ نے عقبہ ابن ابی معیط کی گردن اڑائی تھی؟

321 : وہ کونسے صحابیؓ ہیں جو جنگ بدر میں شریک نہ ہوسکے اور مقام الظبیہ میں مدینہ سے آکر حضور ﷺ سے ملاقات کی؟

ج : وہ حضرت ابو ہند انصاریؓ ہیں جو جنگ بدر میں شریک نہیں ہوئے اور مقام الظبیہ میں حضور ﷺ سے ملاقات کی۔

322 : حضرت ابو ہند انصاریؓ نے جنگ بدر کے بعد مقام الظبیہ میں حضور ﷺ سے جب ملاقات کی تو آپ ﷺ کی خدمت میں کیا پیش کیا؟

ج : حضرت ابو ہند انصاریؓ نے حضور ﷺ کی خدمت میں حیس یعنی پنیر، کھجور اور گھی سے بنا ہوا کھانا پیش کیا

323 : جب حضور ﷺ جنگ بدر سے فارغ ہوکر مقام روحاء پہنچے تو کون آپ کے استقبال کے لئے حاضر ہوئے؟

ج : مقامِ روحاء پر مدینہ میں جنگ سے پیچھے رہ جانے والے صحابۂ کرام حضور ﷺ کے

استقبال کے لئے حاضر ہوئے۔

324 : مقامِ روحاء پر کس صحابیؓ نے حضور ﷺ سے یہ کہا کہ یارسول اللہ! اللہ آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈا رکھے میں تو سمجھا تھا کہ یہ بس قافلہ کا معاملہ ہے جنگ کا پتہ ہوتا تو میں بھی پیچھے نہ رہتا

ج : یہ حضرت اُسید بن حضیرؓ ہیں جنہوں نے یہ بات کہی تھی اور حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ تم سچ کہتے ہو۔

325 : جنگ بدر سے واپسی پر جب فاتحین بدر مقامِ روحاء سے نکلے تو کہاں داخل ہوئے؟

ج : جنگ بدر سے واپسی پر جب فاتحین بدر مقامِ روحاء سے نکلے تو ثنیۃ الوداع میں داخل ہوئے

326 : حضور ﷺ اور فاتحین بدر جب ثنیۃ الوداع پہنچے تو کون قیدیوں کے ساتھ ایک دن کے بعد پہنچے؟

ج : حضور ﷺ اور فاتحین بدر جب ثنیۃ الوداع پہنچے تو حضرت شقران قیدیوں کے ساتھ ایک دن بعد پہنچے۔

327 : حضور ﷺ نے ثنیۃ الوداع میں اسیرانِ بدر کے بارے میں صحابہ کرامؓ کو کیا نصیحت فرمائی

ج : حضور ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو اسیران بدر کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تاکید فرمائی۔

328 : بدر کے قیدیوں کے ساتھ صحابہ کرامؓ کا سلوک کیسا تھا؟

ج : بدر کے قیدیوں کے ساتھ صحابہ کرامؓ نے اس قدر اچھا سلوک کیا کہ قیدیوں کو روٹی کھلاتے اور خود کھجوروں پر بسر کرتے تھے۔

329 : جنگ بدر کے کس قیدی کے بارے میں حضرت عمرؓ نے حضور ﷺ سے کہا کہ یارسول اللہ! اس کے آگے کے دانت نکلوا دیجئے؟

ج : ابو یزید سہیل بن عمرو نامی اسیر بدر کے بارے میں حضرت عمرؓ نے حضور ﷺ سے یہ بات کہی تھی

330 : جب حضرت عمرؓ نے اسیر بدر ابو یزید سہیل بن عمرو کے بارے میں یہ رائے دی کہ اس کے آگے کے دانت نکلوا دیجئے تو حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ سے کیا کہا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا تھا کہ اگر میں اس کے اعضاء بگاڑ دوں گا تو اللہ تعالیٰ

میرے ساتھ بھی یہی سلوک فرمائے گا، اگر چہ کہ میں اس کا رسول ہوں۔

331 : بدر کے قیدی حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کے جسم پر لباس نہیں تھا تو کس نے اپنی قمیص بھیجی تھی؟

ج : عبداللہ بن ابی نے اپنی قمیص حضرت عباس بن عبدالمطلب کے لئے بھیجی تھی۔

332 : جب جنگ بدر کے قیدی حضرت عباسؓ کو رسی سے سختی سے باندھ دیا گیا تھا اور وہ کراہنے لگے تھے تو آپ ﷺ پر اس وقت کیا اثر ہوا تھا؟

ج : حضور ﷺ حضرت عباسؓ کے کراہنے سے بے چین ہو گئے اور ان کی رسی ڈھیلی کر دی گئی اس کے بعد تمام قیدیوں کی رسیاں ڈھیلی کر دی گئیں۔

333 : حضور ﷺ نے جنگ بدر سے مدینہ پہنچنے کے کتنے دن کے بعد قیدیوں کے بارے میں صحابہ کرامؓ سے مشورہ فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے جنگ بدر سے مدینہ پہنچنے کے پندرہ دن بعد قیدیوں کے بارے میں صحابہ کرامؓ سے مشورہ فرمایا۔

334 : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کیا رائے دی؟

ج : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے یہ رائے دی کہ یہ ہمارے رشتہ دار ہیں ہدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے عجب نہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ہدایت عطا فرمائے۔

335 : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت عمرؓ نے کیا رائے دی؟

ج : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت عمرؓ نے یہ رائے دی کہ انہیں قتل کر دیا جائے اور جو جس کا رشتہ دار ہے وہی اس کی گردن مارے۔

336 : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت سعد بن معاذؓ کی کیا رائے تھی؟

ج : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت سعد بن معاذؓ کی وہی رائے تھی جو حضرت عمرؓ کی رائے تھی

337 : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کی کیا رائے تھی؟

ج : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت عبداللہ بن رواحہ کی رائے یہ تھی کہ انہیں زندہ جلا دیا جائے۔

338 : بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی رائے پر حضور ﷺ نے کیا اِرشاد فرمایا

ج : بدر کے قیدیوں کیبارے میں حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق ؓ سے متعلق اِرشاد فرمایا تھا کہ تمہاری مثال حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسی ہے جنہوں نے اللہ سے اپنی قوم کی معافی اور مغفرت کی درخواست کی۔

339 : حضور ﷺ نے بدر کے قیدیوں کے بارے میں کس کی رائے پر اتفاق فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیق ؓ کی رائے پر اتفاق فرمایا۔

340 : بدر کے قیدیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کیا وحی نازل فرمائی؟

ج : بدر کے قیدیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اختیار دیا کہ چاہے تو قتل کر دیں چاہیں تو فدیہ لے کر رہا کر دیں۔

341 : بدر کے قیدیوں کے بارے میں جب وحی کے ذریعہ اختیار دیا گیا تو مشورہ میں کیا بات طے کی گئی؟

ج : مشورہ میں یہ بات طے کی گئی کہ فدیہ لے کر قیدیوں کو آزاد کر دیا جائے۔

342 : بدر کے قیدیوں کے فدیہ کی رقم کس اعتبار سے مقرر کی گئی؟

ج : بدر کے قیدیوں کے فدیہ کی رقم قیدیوں کی حیثیت کے موافق مقرر کی گئی۔

343 : بدر کے قیدیوں کے فدیہ کی رقم کم از کم کس قدر مقرر کی گئی۔

ج : بدر کے قیدیوں کے فدیہ کی رقم کم از کم چالیس اوقیہ مقرر کی گئی۔

344 : ایک اوقیہ کتنے درہم کے برابر ہوتا ہے؟

ج : ایک اوقیہ چالیس درہم کے برابر ہوتا ہے۔

345 : بدر کے قیدیوں میں وہ سب سے پہلا قیدی کون تھا جس نے فدیہ ادا کیا؟

ج : بدر کے قیدیوں میں وہ سب سے پہلا قیدی جس نے فدیہ ادا کیا تھا وہ ابووداعہ حارث ہے

346 : جو قیدی فدیہ ادا کرنے سے قاصر تھے اور وہ لکھنا پڑھنا جانتے تھے ان کا فدیہ کیا مقرر ہوا

ج : ایسے قیدیوں کا فدیہ یہ تھا کہ مدینہ کے دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں تو انہیں رہا کر دیا جائے گا۔

347 : بدر کے قیدیوں میں وہ کونسے دو قیدی تھے جن کا فدیہ نادار ہونے کی وجہ سے معاف کر دیا گیا؟

ج : بدر کے قیدیوں میں مطلب بن منطب اور صیفی بن ابی رفاعہ یہ دونوں نادار تھے جس کی وجہ سے ان کا فدیہ معاف کر دیا گیا۔

348 : جنگ بدر کے قیدیوں میں ایک وہ قیدی جو شاعر تھا جس نے عرض کیا تھا کہ میری پانچ لڑکیاں ہیں جن کا کوئی کفیل نہیں مجھ پر احسان فرمایئے تو حضور ﷺ نے اس کے ساتھ کیا سلوک فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے اس کو رہا کر دیا مگر اس وعدہ کے ساتھ کہ نہ مسلمانوں کے خلاف کسی کو ابھارے گا اور نہ ہی جنگ میں شرکت کرے گا۔

349 : بدر کے قیدی حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب نے جب حضور ﷺ سے یہ کہا کہ میں تہی دست ہوں فدیہ کہاں سے ادا کروں تو حضور ﷺ نے ان سے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب سے کہا وہ مال کہاں ہے جو آپ اور ام الفضل نے ملکر دفن کیا تھا۔

350 : جب حضور ﷺ نے حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب سے یہ عرض کیا کہ وہ مال کہاں ہے جو تم نے اور ام الفضل نے دفن کیا تو حضرت عباسؓ عبدالمطلب نے کیا کہا؟

ج : اس وقت حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب نے حیران ہو کر عرض کیا کہ آپ بے شک اللہ کے رسول ہیں۔

351 : حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کا خون بہا کتنا مقرر کیا گیا؟

ج : حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کا خون بہا ایک سو اوقیہ مقرر کیا گیا۔

352 : عقیل بن ابی طالب کا خون بہا کتنا مقرر کیا گیا؟

ج : عقیل بن ابی طالب کا خون بہا (۸۰) اوقیہ مقرر کیا گیا۔

353 : نوفل بن حارث نے جب اپنے نادار ہونے کا عذر پیش کیا تو حضور ﷺ نے ان سے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ نیزے جو جدہ میں رکھ آئے ہو ان میں سے اپنا فدیہ ادا کر دو۔

354 : جب حضور ﷺ نے نوفل بن حارث کے نیزوں کے بارے میں راز فاش کیا تو نوفل نے کیا جواب دیا تھا؟

ج : نوفل بن حارث نے کہا تھا کہ میں آپ ﷺ کے رسول ہونے کی گواہی دیتا ہوں۔

355 : بدر کے قیدی نوفل بن حارث نے کتنے نیزے فدیہ میں دیئے تھے؟

ج : بدر کے قیدی نوفل بن حارث نے ایک ہزار نیزے فدیہ میں دیئے جو جنگ احد میں کام آئے

356 : بدر کے قیدی حضور ﷺ کے داماد ابوالعاص کی رہائی کے لئے حضور ﷺ کی بیٹی حضرت زینبؓ نے مکہ سے ماں کا شادی میں دیا ہوا ہار بھجوایا تو اس ہار کو دیکھ کر حضور ﷺ کو کون یاد آ گئیں۔

ج : اس ہار کو دیکھ کر حضور ﷺ کو ایک دم حضرت خدیجہؓ کی یاد آ گئی اور آپ ﷺ آبدیدہ ہو گئے

357 : حضرت زینبؓ کے بھیجے ہوئے ہار کو دیکھ کر جب حضور ﷺ آبدیدہ ہو گئے تو صحابہؓ نے کیا فرمایا؟

ج : صحابہ کرامؓ نے فرمایا کہ یہ ایک ماں کی نشانی ہے۔ اس ہار کو واپس کر دیجئے اور ابوالعاص کو چھوڑ دیجئے۔

358 : جنگ بدر کے قیدی ابوالعاص کی رہائی کی سفارش جب صحابۂ کرامؓ نے کی تو حضور ﷺ نے ابوالعاص کو کس شرط پر رہا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے ابوالعاص کو اس شرط پر رہا فرمایا کہ جاتے ہی زینبؓ کو مدینہ بھیج دیں گے۔

359 : کیا ابوالعاص نے مکہ پہنچ کر حضور ﷺ کی بیٹی حضرت زینبؓ کو مدینہ بھیج دیا؟

ج : ہاں! ابوالعاص نے حضور ﷺ کی بیٹی حضرت زینبؓ کو مدینہ بھیج دیا۔

360 : بدر کے قیدیوں میں کس کا فدیہ دینے سے اس کے باپ نے انکار کر دیا تھا؟

ج : بدر کے قیدیوں میں ابوسفیان نے اپنے بیٹے کا فدیہ دینے سے انکار کر دیا تھا۔

361 : بدر میں شریک ہونے والے فرشتوں کے بارے میں حضرت جبرئیل نے حضور ﷺ سے کیا عرض کیا؟

ج : جبرئیل امین علیہ السلام نے حضور ﷺ سے پوچھا آپ اہل بدر کو مسلمانوں میں کیسا سمجھتے ہیں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا سب سے افضل حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے فرمایا کہ بدر میں حاضر ہونے والے فرشتوں کا بھی ملائکہ میں وہی درجہ ہے۔

362 : بدری صحابہؓ کی فضیلت میں حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج : حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کو دیکھا اور فرمایا، اب تم جو چاہو کرو میں تم کو بخش چکا ہوں ایک اور حدیث میں ہے کہ تمہارے لئے جنت واجب ہوگئی۔

363 : غزوۂ بدر کی کامیابی کا سب سے بڑا اثر کیا ہوا؟

ج : غزوۂ بدر کی کامیابی کا سب سے بڑا اثر یہ ہوا کہ مسلمانوں کو پورے عرب میں استقرار نصیب ہوا، تمام قومیں ان کا لوہا ماننے پر مجبور ہوگئیں، قریش کو مسلمانوں کی قوتوں کا احساس ہوگیا اور قریش کی سیاسی شہرت اور سیاسی حیثیت بری طرح مجروح ہوگی۔ ان کی شام کی تجارتی شاہراہ غیر محفوظ ہوگئی اور اسلام کی مرکزیت مستحکم ہوگئی یہود بھی مسلمانوں کی اس قوت سے مرعوب ہوگئے۔

364 : جنگ بدر کے قیدیوں کے فدیہ سے مسلمانوں کو کتنے درہم ملے؟

ج : جنگ بدر کے قیدیوں کے فدیہ سے مسلمانوں کو ڈھائی لاکھ درہم ملے۔

365 : مکہ کی خاتون عاتکہ بنت ابی العاص نے بدر کے مقتولین پر جو مرثیے لکھے ان میں کونسا مرثیہ مشہور ہے؟

ج : مکہ کی خاتون نے ''بدر کی چکی اپنے ہی لوگوں کو برباد کرنے چلی'' نامی مرثیہ لکھا جو مشہور ہے۔

❁ ❁ ❁

## (کتابوں کی اشاعت کا طریقہ کار)

مکتبہ کے زیر اہتمام مولانا غیاث احمد رشادی کی وہ اُردو کتابیں جو اہل خیر حضرات کے تعاون سے شائع کی جاتی ہیں 70% فیصد کتابیں، طلباء، دینی مدارس، علماء کرام اور کتب خانوں کو بطور تحفہ پیش کی جاتی ہیں اور ایک خاص نظم اور اصول کے تحت عوام میں بھی تقسیم ہوتی ہیں، نیز مختلف تنظیموں اور اِداروں کے زیر اہتمام منعقدہ تحریری، تقریری مقابلوں میں حصہ لینے والوں کو بطور انعام یہ کتابیں مفت دی جاتی ہیں اور تیس فیصد فروخت کی جاتی ہیں۔

اور تلگو کتابیں صد فی صد مفت تقسیم ہوتی ہیں، جو حضرات مولانا کی ان کتابوں کو شائع کرنا چاہیں، مینجر مکتبہ سبیل الفلاح سے رجوع فرمائیں۔

**مکتبہ سبیل الفلاح ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر اسوسی ایشن، رجسٹرڈ۔۶۷۵**

احاطہ مسجد الفلاح، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد، انڈیا۔ فون: 040-24551314

**ای میل:rashadibooks@reddif.com**

**ویب سائٹ:www.rashadibooks.com**